کیا رسول اللہ ﷺ کی قبر کی مٹی عرش، کعبہ اور کرسی سے افضل ہے؟

بسم اللہ الرحمن الرحیم

انجنیئر علی مرزا صاحب کا مفتی طارق مسعود دامت برکاتہم اور علماءِ دیوبند پر لگائے گئے الزام کا علمی و تحقیقی رد

انجنیئر علی مرزا صاحب نے المہند علی المفند کے ایک مسئلے پر اعتراض کرتے ہوئے کہا کہ دیوبندی مسلک کا یہ عقیدہ ہے کہ: "وہ حصہ زمین جو جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اعضاء مبارکہ کو مَس کیے ہوئے ہے علی الاطلاق افضل ہے۔ یہاں تک کہ کعبہ اور عرش و کرسی سے بھی افضل ہے"۔ (عقائد علمائے دیوبند اور حسام الحرمین: صفحہ ۲۱۹)

اس تحریر کی ابتداء میں انجنیئر علی مرزا صاحب کے اس کھوکھلے نعرے کو بے نقاب کرتے ہوئے کرنا چاہوں گا جس سے موصوف لاعلم مسلمانوں کو بیوقوف بنا کر اپنی چُورن پھکی کی دکان چمکانے میں مصروف ہیں وہ یہ کہ "نہ میں بابی، نہ میں وہابی، میں ہوں مسلم علمی کتابی"۔

قارئین کرام ذرا غور فرمائیں کہ انجنیئر صاحب کے اس نعرے میں اگر ذرا بھی صداقت ہوتی اور موصوف حقیقتاً علمی کتابی ہوتے تو "المہند علی المفند" میں درج اس مسئلے کو بنیاد بنا کر مفتی طارق مسعود صاحب دامت برکاتہم اور علماءِ دیوبند پر الزام لگانے کی ہر گز جرئت نہ کرتے، لیکن چونکہ موصوف کا علماءِ دین اور کتابوں سے دور کا بھی کوئی واسطہ نہیں رہا، لہٰذا محترم کو اس بات کی خبر ہی نہ ہوئی کہ یہ مسئلہ آج سے تقریباً ۱۳۰۰ سال قبل امام مالکؒ نے مدینہ کی افضلیت کے بیان میں فرمایا تھا اور اس کے بعد تمام مکاتب فکر کے بڑے بڑے ائمہ محدثین و مفسرین نے اپنی اپنی کتابوں میں درج کرتے ہوئے اس کی تائید فرمائی، جن میں بڑی تعداد مالکی، شافعی اور حنبلی ائمہ دین کی ہے، اور چوتھی صدی ہجری کے آغاز سے لے کر آج تک کے بڑے بڑے ائمہ محدثین و مفسرین نے اس مسئلے پر امت مسلمہ کا اجماع بھی نقل کیا ہے جس کی مکمل تفصیل میں قارئین کے سامنے آگے پیش کرونگا۔

انجنیئر صاحب عوام کو بیوقوف بنانے کے لیے ایک اور نعرہ یہ بھی لگاتے ہیں کہ "ہم تو حق بات بیان کرتے ہیں اور لوگوں تک حق بات پہنچاتے ہیں"۔ انجنیئر صاحب کا علماءِ دیوبند پر لگائے گئے الزام سے ان کا یہ جھوٹ بھی واضح ہو گیا کہ موصوف حق بات بیان

کرنے والے نہیں ہیں کیونکہ اگر یہ واقعی حق بات بیان کرنے والے ہوتے تو علماءِ دیوبند پر کیچڑ اچھالنے سے پہلے "المہند علی المفند" میں درج مسئلے کی مکمل تحقیق کرتے، لیکن انجنیئر صاحب علماءِ دیوبند سے بغض وعداوت اور تعصب کے نشے میں اتنے مدہوش ہوچکے ہیں کہ انہیں اس بات کی خبر ہی نہ ہوئی کہ چوتھی صدی ہجری سے لے کر آج تک گزرے تمام ائمہ محدثین ومفسرین نے اس مسئلے کو اپنی کتابوں میں رقم کیا ہے اور اس پر امت کا اجماع بھی نقل کیا ہے لہٰذا اگر انجنیئر صاحب کو یہ مسئلہ انتاہی غلط اور بد عقیدہ لگا تھا تو پہلے ان تمام محدثین ومفسرین پر اعتراض کرتے جنہوں نے اس مسئلے کو سب سے پہلے بیان کیا اور ان کے بعد آنے والوں نے ان کی تائید فرمائی، صرف علماءِ دیوبند کو ہی نشانہ نہ بناتے۔

انجنیئر صاحب کہتے ہیں: "اس عقیدے میں اللہ تعالیٰ کی عظمت و کبریائی کی تنقیص کرتے ہوئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فوقیت دی گئی ہے۔ عبد کو معبود سے، مخلوق کو خالق سے بڑھا کر پیش کیا گیا ہے"۔

الجواب: انجنیئر علی مرزا صاحب کا اعتراض جناب کی کم علمی وکم عقلی کی دلیل ہے۔ سب سے پہلے تو میں انجنیئر صاحب اور ان کے حواریوں سے گزارش کرتا ہوں کہ وہ اس بات کی واضح نشاندہی کریں کہ "المھند علی المفند" کے اس مسئلے "وہ حصہ زمین جو جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اعضاء مبارکہ کو مَس کیئے ہوئے ہے علی الاطلاق افضل ہے۔ یہاں تک کہ کعبہ اور عرش وکرسی سے بھی افضل ہے" کے کس لفظ میں اللہ تعالیٰ کی "کبریائی کی تنقیص" اور "عبد" یعنی حضرت محمد ﷺ کو "معبود" یعنی اللہ تعالیٰ سے بڑھا کر پیش کیا گیا ہے؟ قیاس ہر گز نہ کریں۔

پہلی بات تو یہ ہے کہ مذکورہ بالا مسئلہ بطور عقیدہ "المہند علی المفند" میں نقل نہیں ہوا ہے بلکہ یہ پہلے اور دوسرے سوال کی توضیح کرتے ہوئے لکھا گیا ہے تا کہ "حسام الحرمین" میں جو علماءِ دیوبند پر جھوٹا الزام لگایا گیا تھا کہ "علماءِ دیوبند گستاخ رسول ﷺ ہیں"، اس الزام کا بھرپور طریقے سے رد کیا جاسکے۔ دوسری بات یہ کہ "المھند علی المفند" میں جہاں عقیدہ کو نقل کیا گیا ہے وہاں یوں لکھا ہے کہ "ہمارا اور ہمارے مشائخ کا عقیدہ یہ ہے" لہٰذا اسے علماءِ دیوبند کا عقیدہ سمجھنا اور کہنا ہی غلط ہے کیونکہ اس مسئلے کا عقیدہ سے کوئی تعلق ہی نہیں ہے۔

تیسری بات یہ یاد رکھیں کہ "المھند علی المفند" میں صرف عقائد ہی درج نہیں ہیں بلکہ اس میں عقائد ومسائل دونوں ہی درج ہیں اس لئے اسے صرف عقائد کی کتاب کہنا اس کے مصنف کی اپنی توضیح کے خلاف ہے۔ بعد کے کسی عالم کے کہنے سے "المھند علی المفند" عقائد کی کتاب یا اس میں درج مسائل عقائد کا درجہ اختیار نہیں کرسکتے کیونکہ یہ صاحبِ المھند فضیلۃ الشیخ، عمدۃ المحدثین، امام الموحدین علامہ محمد خلیل احمد سہارنپوری رحمہ اللہ تعالیٰ کی توضیح کے خلاف ہے۔ علماءِ دیوبند کی اگر عقائد پر کوئی کتاب ہے تو وہ "عقیدۃ الطحاویۃ" ہے۔

پھر بھی اگر کوئی اس بات پر بضد ہے کہ اس مسئلے کا تعلق عقیدہ سے ہے تو ہم کہنے پر حق بجانب ہونگے کہ یہ عقیدہ صرف علمائے دیوبند کا ہی نہیں بلکہ ان سے پہلے کے جلیل القدر محدثین ومفسرین میں سے ابن عبد البر المالکی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی: ۴۶۳ھ)، امام ابن

عقیل حنبلی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی:۵۱۳ھ)، قاضی عیاض المالکی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی:۵۴۴ھ)، امام ابن عساکر الشافعی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی:۵۷۱ھ)، الإمام النووی الشافعی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی:۶۷۶ھ)، امام بالقرافی المالکی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی:۶۸۴ھ)، شیخ تاج الدین الفاکھی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی: ۷۳۴ھ)، امام الفاسی المالکی الشہیر بابن الحاج رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی:۷۳۷ھ)، امام ابن القیم الجوزی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی: ۷۵۱ھ)، امام تقی الدین السبکی الشافعی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی:۷۵۶ھ)، امام بدر الدین الزرکشی الشافعی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی:۷۹۴ھ)، امام زین الدین أبو بکر العثمانی المراغی الشافعی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی:۸۱۶ھ)، إمام الکاملیۃ الشافعی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی: ۸۷۴ھ)، شیخ محمد البرنسی الفاسی بزروق المالکی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی:۸۹۹ھ)، امام شمس الدین سخاوی الشافعی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی: ۹۰۲ھ)، امام جلال الدین سیوطی الشافعی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی: ۹۱۱ھ)، امام السمھودی الشافعی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی:۹۱۱ھ)، امام أبی بکر بن عبد الملک القسطلانی المصری رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی:۹۲۳ھ)، امام شمس الدین الشامی الشافعی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی: ۹۴۲ھ)، إمام الحطاب الرّعینی المالکی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی: ۹۵۴ھ)، علامہ ابن حجر ہیتمی الشافعی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی:۹۷۳ھ)، قطب الدین النھروانی حنفی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی: ۹۸۸ھ)، شیخ شمس الدین الرملی المصری الشافعی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی: ۱۰۰۴ھ)، ملا علی قاری حنفی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی:۱۰۱۴ھ)، امام زین العابدین الحدادی المناوی القاھری الشافعی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی:۱۰۳۱ھ)، نور الدین حلبی الشافعی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی:۱۰۴۳ھ)، امام منصور بن ادریس بہوتی حنبلی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی:۱۰۵۱ھ)، امام عبد الرحمٰن بن سلیمان أفندی المالکی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی:۱۰۷۸ھ)، علامہ حصکفی حنفی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی:۱۰۸۸ھ)، امام عبد اللہ الخرشی المالکی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی:۱۱۰۱ھ)، امام محمد المھدی الفاسی المالکی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی:۱۱۰۹ھ)، امام محمد الزرقانی المالکی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی:۱۱۲۲ھ)، الإمام النفراوی الأزھری المالکی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی: ۱۱۲۶ھ)، شیخ سلیمان البجیرمی المصری الشافعی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی: ۱۲۲۱ھ)، امام سیوطی الرحیبانی الدمشقی الحنبلی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی: ۱۲۴۳ھ)، غیر مقلد عالم امام شوکانی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی:۱۲۵۰ھ)، شیخ عمر بن عبد العزیز ابن عابدین الشامی الدمشقی حنفی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی:۱۲۵۲ھ)، امام آلوسی البغدادی الشافعی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی:۱۲۷۰ھ)، شیخ محمد بن احمد علیش مالکی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی:۱۲۹۹ھ)، مشہور غیر مقلد عالم مترجم صحاح ستہ علامہ وحید الزمان صدیقی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی:۱۳۳۸ھ)، سعودی عرب کے معروف مفتی جناب الشیخ عبد الکریم بن عبد اللہ الخضیر رحمۃ اللہ علیہ (پیدائش:۱۳۷۴ھ) اور استاد الحرمین علوی بن عباس المالکی رحمۃ اللہ علیہ کے بیٹے سید محمد علوی المالکی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی:۱۴۲۵ھ) وغیر سمیت اہلسنت والجماعت کا اتفاقی عقیدہ رہا ہے۔ لہٰذا اگر یہ واقعی ایسا غلط عقیدہ ہے تو پھر اس کی نسبت علماءِ دیوبند سے پہلے ان ائمہ کی جانب کرنی چاہیئے تھی جنہوں نے اس عقیدہ کو اپنی کتابوں میں لکھتے ہوئے اس کا صحیح ہونا تسلیم کیا اور ساتھ میں اس پر مسلمانوں کا اجماع بھی نقل کیا۔

مندرجہ بالا مسئلہ غالباً اسلام کے ان عقائد میں سے ہے جن میں ہر دو جانب دلائل نقلیہ موجود نہیں۔ یعنی جس طرح کسی صریح دلیل قطعی سے یہ ثابت نہیں ہوتا کہ رسول اللہ ﷺ کے جسمِ اطہر سے مس زمین کا حصہ عرش، کعبہ و کرسی سے افضل ہے، اسی طرح یہ بھی کسی صریح دلیل قطعی سے ثابت نہیں ہوتا کہ اللہ پاک کا عرش، کعبہ و کرسی زمین کے اس حصے سے افضل ہے جو رسول اللہ ﷺ کے جسمِ اطہر سے مس ہے۔

اس کی وجہ یہ ہے کہ امام الانبیاء وخاتم النبیین حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی ذات مبارکہ ربِّ کائنات کے بعد سب سے افضل ہے لہٰذا زمین کا وہ حصہ جو آپ ﷺ کے جسمِ اطہر سے مس ہے وہ بھی افضل ہوا۔ اس کے برعکس نہ تو عرش اللہ تبارک وتعالیٰ سے مس ہے اور نہ ہی کرسی وکعبہ۔ بلکہ یہ عقیدہ رکھنا کہ عرش اللہ پاک کے جسم سے مس ہے اور اللہ پاک اس پر اس طرح بیٹھے ہیں جس طرح ہم بیٹھتے ہیں یا اللہ کا ایسا کوئی جسم ہے، ہر مسلمان کے نزدیک غلط اور گمراہیت ہے۔ دوسری اہم بات یہ کہ قرآن کی کسی آیت سے یہ کہاں ثابت ہوتا ہے کہ کعبہ یا عرش وکرسی ہر چیز سے افضل ہے؟

"أَخْبَرَنَا أَبُو نَصْرِ بْنُ قَتَادَةَ، حَدَّثَنَا أَبُو عَمْرٍو إِسْمَاعِيلُ بْنُ نُجَيْدٍ السُّلَمِيُّ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَوَارٍ، حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مَنْصُورٍ، حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، حَدَّثَنَا شِبْلُ بْنُ عَبَّادٍ، عَنِ ابْنِ أَبِي نَجِيحٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: لَمَّا نَظَرَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى الْكَعْبَةِ، فَقَالَ: "مَرْحَبًا بِكِ مِنْ بَيْتٍ مَا أَعْظَمَكِ، وَأَعْظَمَ حُرْمَتَكِ، وَلَلْمُؤْمِنِ أَعْظَمُ عِنْدَ اللهِ حُرْمَةً مِنْكِ""۔ "حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے خانہ کعبہ کی طرف دیکھ کر فرمایا اللہ تعالیٰ کے نزدیک مومن کی حرمت وعظمت تجھ سے زیادہ ہے"۔ (شعب الإیمان للبیہقی: ج۵، ص۴۶۵، رقم الحدیث ۳۷۲۵)

الجامع لشعب الإيمان — ٤٦٥

حبيب، عن عمر قال قال عمر رضي الله عنه: يا أهل مكة: اتقوا الله في حرمكم هذا. أتدرون من كان ساكن حرمكم هذا من قبلكم؟ كان فيه بنو فلان فأحلوا حرمته، فهلكوا؛ وبنو فلان فأحلوا حرمته، فهلكوا؛ حتى عد ما شاء الله. ثم قال: والله لأن أعمل عشر خطايا بغيره أحب إلي من أن أعمل واحدة بمكة.

[٣٧٢٤] أخبرنا محمد بن عبدالله الحافظ، أخبرنا أبوجعفر محمد بن علي الشيباني، حدثنا أحمد بن حازم بن أبي غرزة، حدثنا أبونعيم، حدثنا زهير، عن عبدالله بن عثمان ابن خثيم، عن سعيد بن جبير، عن ابن عباس، قال قال رسول الله ﷺ لمكة: «ما أطيبَكِ من بلدٍ، وأحبَّكِ إليّ! ولولا أنَّ قومي أخرجوني (منكِ) ما سكنتُ غيركِ».

[٣٧٢٥] أخبرنا أبونصر بن قتادة، حدثنا أبوعمرو إسماعيل بن نجيد السلمي، حدثنا جعفر بن محمد بن سوار، حدثنا الحسين بن منصور، حدثنا حفص بن عبدالرحمن، حدثنا شبل بن عباد، عن ابن أبي نجيح، عن مجاهد، عن ابن عباس قال: لما نظر رسول الله ﷺ إلى الكعبة فقال: «مرحبًا بكِ من بيتٍ! ما أعظمَكِ وأعظمَ حُرمَتَكِ! وَلَلْمُؤمنُ أعظمُ عند الله حُرمةً منكِ».

[٣٧٢٤] إسناده: رجاله ثقات.
والحديث أخرجه الحاكم في «المستدرك» (١/٤٨٦) عن أبي جعفر، بهذا الإسناد، وصححه وأقره الذهبي.
وأخرجه الترمذي في المناقب (٥/٧٢٣ رقم٣٩٢٦) وابن حبان في «صحيحه» (٩/٦ رقم٣٧٠١ - الإحسان) والطبراني في «الكبير» (١٠/٣٢٥ رقم١٠٦٢٤، ١٠/٣٢٩ رقم١٠٦٣٣) من طريق الفضيل بن سليمان، عن عبدالله بن عثمان بن خثيم به.
وانظر «صحيح الجامع الصغير وزياداته» (رقم٥٤١٢).
[٣٧٢٥] إسناده: رجاله ثقات.
وأخرج الطبراني في «الكبير» (١١/٣٧ رقم١٠٩٦٦) من طريق طاوس عن ابن عباس مثله.
وقال الهيثمي في «المجمع» (٣/٢٩٢) فيه الحسن بن أبي جعفر وهو ضعيف. قد وثق. وفيه ليث بن أبي سليم أيضًا وهو ضعيف.
وله شاهد من حديث عبدالله بن عمرو أخرجه ابن ماجه في الفتن (٢/١٢٩٧ رقم٣٩٣٢)

تأليف
الإمام الحافظ أبي بكر أحمد بن الحسين البيهقي
٣٨٤هـ - ٤٥٨هـ

الجزء الخامس

حققه وراجع نصوصه وخرج أحاديثه
الدكتور عبد العلي عبد الحميد حامد

مكتبة الرشد
ناشرون

"حَدَّثَنَا أَبُو الْقَاسِمِ بْنُ أَبِي ضَمْرَةَ، نَصْرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سُلَيْمَانَ الْحِمْصِيُّ حَدَّثَنَا أَبِي، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ أَبِي قَيْسٍ النَّصْرِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ، قَالَ رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ ـ صلى الله عليه وسلم ـ يَطُوفُ بِالْكَعْبَةِ وَيَقُولُ "مَا أَطْيَبَكِ

وَأَطْيَبَ رِيحَكِ مَا أَعْظَمَكِ وَأَعْظَمَ حُرْمَتَكِ وَالَّذِي نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ لَحُرْمَةُ الْمُؤْمِنِ أَعْظَمُ عِنْدَ اللَّهِ حُرْمَةً مِنْكِ مَالِهِ وَدَمِهِ وَأَنْ نَظُنَّ بِهِ إِلاَّ خَيْرًا"''۔ ''حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ انہوں نے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خانہ کعبہ کا طواف کرتے دیکھا اور یہ فرماتے سنا: "(اے کعبہ!) تو کتنا عمدہ ہے اور تیری خوشبو کتنی پیاری ہے، تو کتنا عظیم المرتبت ہے اور تیری حرمت کتنی زیادہ ہے، قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں محمد کی جان ہے! مومن کے جان و مال کی حرمت اللہ کے نزدیک تیری حرمت سے زیادہ ہے اور ہمیں مومن کے بارے میں نیک گمان ہی رکھنا چاہئے"''۔ (سنن ابن ماجہ: کتاب الفتن، باب حُرْمَةِ دَمِ الْمُؤْمِنِ وَمَالِهِ، ج۵، رقم الحدیث ۳۹۳۱)

۳۶- أبواب الفتن — مومن کی جان و مال کی حرمت کا بیان

ہے کہ اسے قتل کرنا، زخمی کرنا، اس کا مال چھیننا اور دھوکے سے اس کا مال لے لینا بہت بڑے جرم ہیں۔

۳۹۳۲- حَدَّثَنَا أَبُو الْقَاسِمِ بْنُ أَبِي ضَمْرَةَ، نَصْرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سُلَيْمَانَ الْحِمْصِيُّ: حَدَّثَنَا أَبِي: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ أَبِي قَيْسٍ النَّصْرِيُّ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ عَمْرٍو قَالَ: رَأَيْتُ رَسُولَ اللهِ ﷺ يَطُوفُ بِالْكَعْبَةِ وَيَقُولُ: «مَا أَطْيَبَكِ وَأَطْيَبَ رِيحَكِ، مَا أَعْظَمَكِ وَأَعْظَمَ حُرْمَتَكِ. وَالَّذِي نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ! لَحُرْمَةُ الْمُؤْمِنِ أَعْظَمُ عِنْدَ اللهِ حُرْمَةً مِنْكِ، مَالِهِ وَدَمِهِ، وَأَنْ نَظُنَّ بِهِ إِلَّا خَيْرًا».

۳۹۳۲- حضرت عبد اللہ بن عمرو ؓ سے روایت ہے انھوں نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو کعبہ شریف کا طواف کرتے دیکھا۔ آپ فرما رہے تھے: "تو کتنا پاکیزہ ہے! اور تیری خوشبو کتنی پاکیزہ ہے! تو کس قدر عظیم ہے! تیرا احترام کتنا عظیم ہے! قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں محمد (ﷺ) کی جان ہے! اللہ کے ہاں مومن کی حرمت تیری حرمت سے بڑھ کر ہے یعنی اس کے مال اور جان کی حرمت اور یہ کہ اس کے بارے میں بدگمانی کرنا بھی حرام ہے۔"

۳۹۳۳- حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ نَافِعٍ وَيُونُسُ بْنُ يَحْيَى جَمِيعًا عَنْ دَاوُدَ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ، مَوْلَى عَبْدِ اللهِ بْنِ عَامِرِ بْنِ كُرَيْزٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ قَالَ: «كُلُّ الْمُسْلِمِ عَلَى الْمُسْلِمِ حَرَامٌ، دَمُهُ وَمَالُهُ وَعِرْضُهُ».

۳۹۳۳- حضرت ابو ہریرہ ؓ سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "ہر مسلمان دوسرے کے لیے قابل احترام ہے یعنی اس کی جان، اس کا مال اور اس کی آبرو۔"

فائدہ: کسی کو ذلیل کرنا، اس کی غیبت کرنا، اس پر کسی قسم کا جھوٹا الزام لگانا اور اس کی غلطیوں کی تشہیر کرنا، سب کبیرہ گناہ ہیں۔

۳۹۳۴- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ

۳۹۳۴- حضرت فضالہ بن عبید ؓ سے روایت

۳۹۳۲- [إسناده ضعيف] وأشار البوصيري والمنذري إلى ضعفه * نصر بن محمد ضعيف (التقريب)، وله علة أخرى، وله شواهد ضعيفة.

۳۹۳۳- أخرجه مسلم، البر والصلة، باب تحريم ظلم المسلم وخذله واحتقاره ودمه وعرضه وماله، ح: ۲۵۶۴/۳۲ من حديث داود به.

۳۹۳۴- [إسناده حسن] أخرجه ابن منده في الإيمان: ۱/ ۱۵۲، ح: ۳۱۵ من حديث ابن وهب به، وأحمد: ۲۱/۲، ۲۲ من حديث أبي هانئ حميد بن هانئ به، وصححه البوصيري، وابن حبان (موارد)، ح: ۲۵، والحاكم: ۱/ ۱۰، ۱۱ على شرطهما، وله شواهد عند ابن حبان، ح: ۲۶ وغيره.

261

''حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَكْثَمَ، وَالْجَارُودُ بْنُ مُعَاذٍ، قَالاَ حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوسَى، حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ وَاقِدٍ، عَنْ أَوْفَى بْنِ دَلْهَمٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ صَعِدَ رَسُولُ اللَّهِ صلى الله عليه وسلم الْمِنْبَرَ فَنَادَى بِصَوْتٍ رَفِيعٍ فَقَالَ "يَا مَعْشَرَ مَنْ قَدْ أَسْلَمَ بِلِسَانِهِ وَلَمْ يُفْضِ الإِيمَانُ إِلَى قَلْبِهِ لاَ تُؤْذُوا الْمُسْلِمِينَ وَلاَ تُعَيِّرُوهُمْ وَلاَ تَتَّبِعُوا عَوْرَاتِهِمْ فَإِنَّهُ مَنْ تَتَبَّعَ عَوْرَةَ أَخِيهِ الْمُسْلِمِ تَتَبَّعَ اللَّهُ عَوْرَتَهُ وَمَنْ تَتَبَّعَ اللَّهُ عَوْرَتَهُ يَفْضَحْهُ وَلَوْ فِي جَوْفِ رَحْلِهِ" قَالَ وَنَظَرَ ابْنُ عُمَرَ يَوْمًا إِلَى الْبَيْتِ أَوْ إِلَى الْكَعْبَةِ فَقَالَ مَا أَعْظَمَكِ وَأَعْظَمَ حُرْمَتَكِ وَالْمُؤْمِنُ أَعْظَمُ حُرْمَةً عِنْدَ اللَّهِ مِنْكِ۔ قَالَ أَبُو عِيسَى هَذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ غَرِيبٌ لاَ نَعْرِفُهُ إِلاَّ مِنْ حَدِيثِ الْحُسَيْنِ بْنِ وَاقِدٍ۔ وَرَوَى إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ السَّمَرْقَنْدِيُّ عَنْ حُسَيْنِ بْنِ وَاقِدٍ نَحْوَهُ وَرُوِيَ عَنْ أَبِي بَرْزَةَ الأَسْلَمِيِّ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوُ هَذَا''۔ ''عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم منبر پر تشریف لائے، بلند آواز سے پکارا اور فرمایا: "اے اسلام لانے والے زبانی لوگوں کی

جماعت ان کے دلوں تک ایمان نہیں پہنچا ہے! مسلمانوں کو تکلیف مت دو، ان کو عار مت دلاؤ اور ان کے عیب نہ تلاش کرو، اس لیے کہ جو شخص اپنے مسلمان بھائی کے عیب ڈھونڈتا ہے، اللہ تعالیٰ اس کا عیب ڈھونڈتا ہے، اور اللہ تعالیٰ جس کے عیب ڈھونڈتا ہے، اسے رسوا و ذلیل کر دیتا ہے، اگرچہ وہ اپنے گھر کے اندر ہو"۔ (راوی نافع) کہتے ہیں: "ایک دن ابن عمر رضی اللہ عنہما نے خانہ کعبہ کی طرف دیکھ کر کہا: کعبہ! تم کتنی عظمت والے ہو! اور تمہاری حرمت کتنی عظیم ہے، لیکن اللہ کی نظر میں مومن (کامل) کی حرمت تجھ سے زیادہ عظیم ہے"۔ امام ترمذی کہتے ہیں: یہ حدیث حسن غریب ہے، ہم اسے صرف حسین بن واقد کی روایت سے جانتے ہیں۔ اسحاق بن ابراہیم سمرقندی نے بھی حسین بن واقد سے اسی جیسی حدیث روایت کی ہے۔ ابوبرزہ اسلمی رضی اللہ عنہ کے واسطہ سے بھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی جیسی حدیث مروی ہے"۔ (سنن الترمذی: کتاب البر والصلة عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، باب مَا جَاءَ فِي تَعْظِيمِ الْمُؤْمِنِ، ج۳، ص۵۵۵-۵۵۴، رقم الحدیث ۲۰۳۲)

رَسولُ اللهِ ﷺ طعاماً قطُّ، كَانَ إذا اشْتَهاهُ أكَلَهُ وَإلاّ تَرَكَهُ[1].

هذا حديثٌ حَسَنٌ صحيحٌ.

وأبو حَازِمٍ هو: الأشْجَعيُّ الكُوفيُّ، وَاسْمهُ: سَلمانُ مَوْلى عَزَّةَ الأشْجَعيّةِ.

(٨٥) (85) باب ما جاء في تَعْظِيمِ المُؤْمِنِ

٢٠٣٢- حَدَّثَنَا يحيى بن أكْثَمَ وَالجارُودُ بن مُعاذٍ، قَالا: حَدَّثَنا الفَضْلُ بن موسى، قَالَ: حَدَّثَنَا الحُسَيْنُ بن وَاقِدٍ، عن أوْفَى بن دَلْهَمٍ، عن نَافعٍ، عن ابن عُمَرَ، قال: صَعدَ رَسولُ اللهِ ﷺ المِنْبَرَ فَنادَى بِصَوْتٍ رَفِيعٍ، فقال: «يَا مَعْشَرَ من أسْلَمَ بِلِسانِهِ ولم يُفْضِ الإيمَانُ إلى قَلْبِهِ، لا تُؤْذُوا المُسْلِمينَ وَلا تُعَيِّرُوهُمْ وَلا تَتَّبِعُوا عَوْرَاتِهِمْ، فَإنَّهُ من تَتَبَّعَ عَوْرَةَ أخيهِ المُسْلِمِ تَتَبَّعَ اللهُ عَوْرَتَهُ، ومن تَتَبَّعَ اللهُ عَوْرَتَهُ يَفْضَحْهُ وَلو في جَوْفِ رَحْلِهِ». قال: وَنَظَرَ ابن عُمَرَ يَوْماً إلى البَيْتِ أوْ إلى الكَعْبَةِ، فقال: ما

(١) أخرجه علي بن الجعد (٣٥٦٣)، وأحمد ٢/ ٤٧٤ و٤٧٩ و٤٨١، وفي الزهد، له (١١)، والبخاري ٤/ ٢٣٠ و٧/ ٩٦، ومسلم ٦/ ١٣٣ و١٣٤، وأبو داود (٣٧٦٣)، وابن ماجة (٣٢٥٩)، وأبو يعلى (٣٠٣١)، وابن حبان (٦٤٣٦) و(٦٤٣٧)، وأبو الشيخ في أخلاق النبي ﷺ ١٨٩ و١٩٠ و١٩١، والبيهقي ٧/ ٢٩٧، وفي دلائل النبوة، له ١/ ٣٢١، والبغوي (٢٨٤٣). وانظر تحفة الأشراف ١٠/ ٨٢ حديث (١٣٤٠٣)، والمسند الجامع ١٧/ ٣٨٩-٣٩٠ حديث (١٣٨١٢)، وصحيح الترمذي للعلامة للعلامة الألباني (١٦٥٤).

وأخرجه أحمد ٢/ ٤٢٧ و٤٩٥، ومسلم ٦/ ١٣٣، وابن ماجة (٣٢٥٩م) من طريق أبي يحيى، عن أبي هريرة. وانظر تحفة الأشراف ١١/ ٩٤ حديث (١٥٤٦٥)، والمسند الجامع ١٧/ ٣٩٠ حديث (١٣٨١٣).

٥٥٤

أعْظَمَكِ وَأعْظَمَ حُرْمَتَكِ وَالمُؤْمنُ أعْظمُ حُرْمَةً عِنْدَ اللهِ مِنْكِ[1].

هذا حديثٌ حَسَنٌ غريبٌ لا نَعْرِفهُ إلاّ من حديثِ الحُسينِ بن وَاقِدٍ. وَرَوَى إسحاقُ بن إبراهيمَ السَّمَرقَنْدِيُّ، عن حُسَيْنِ بن وَاقِدٍ نَحوهُ، وَرُوِيَ عن أبي بَرْزَةَ الأسْلَميِّ، عن النبيِّ ﷺ نَحوُ هذا[2].

(٨٦) (86) باب ما جاء في التَّجارِبِ

٢٠٣٣- حَدَّثَنَا قُتَيبةُ، قَالَ: حَدَّثَنا عَبدُاللهِ بن وَهْبٍ، عن عَمْرِو بن الحارِثِ، عن دَرَّاجٍ، عن أبي الهَيْثَمِ، عن أبي سَعيدٍ، قال: قال رَسولُ اللهِ ﷺ: «لا حَلِيمَ إلاّ ذُو عَثْرَةٍ، وَلا حَكِيمَ إلاّ ذُو تَجْرِبَةٍ»[3].

هذا حديثٌ حَسَنٌ غريبٌ لا نَعْرِفهُ إلاّ من هذا الوَجْهِ[4].

(١) أخرجه ابن حبان (٥٧٦٣)، والبغوي (٣٥٢٦). وانظر تحفة الأشراف ٦/ ٦٠ حديث (٧٥٠٩)، وتهذيب الكمال٣/ ٣٩٦، والمسند الجامع١٠/ ٦٥٩-٦٦٠حديث (٨٠٣٤).

(٢) حديث أبي برزة الأسلمي أخرجه أحمد ٤/ ٤٢٠، وأبو داود (٤٨٨٠)، والبيهقي ١٠/ ٢٤٧. وانظر المسند الجامع ١٥/ ٤٨٩ حديث (١١٨٤٩).

(٣) أخرجه أحمد ٣/ ٨ و٦٩، وابن حبان (١٩٣)، وابن عدي في الكامل ٣/ ١٢٥٦ و٤/ ١٥٢١، والحاكم ٤/ ٢٩٣، وأبو نعيم في الحلية ٨/ ٣٢٤، والخطيب في تاريخه ٥/ ٣٠١، والقضاعي في مسند الشهاب (٨٣٤) و(٨٣٥). وانظر تحفة الأشراف ٣/ ٣٥٩ حديث (٤٠٥٥)، وتهذيب الكمال ٥/ ٥٥١، والمسند الجامع ٦/ ٤١١-٤١٢ حديث (٤٥٤٢)، وضعيف الترمذي للعلامة الألباني (٣٤٩).

(٤) إسناده ضعيف، دراج هو ابن سمعان أبو السمح، وهو ضعيف عندنا، ويزداد ضعفه في روايته عن أبي الهيثم كما حررناه في «تحرير أحكام التقريب». وخالفه عبدالله بن زحر فرواه عن أبي الهيثم عن أبي سعيد الخدري موقوفاً عند البخاري في الأدب المفرد (٥٦٥)، وابن زحر هذا وإن كان فيه كلام إلا أنه خير من درّاج، فروايته أصح.

٥٥٥

مندرجہ بالا احادیث سے یہ بات سورج کی روشنی کی طرح واضح ہو گئی ہے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ کے نزدیک مومن مسلمان کی حرمت خانہ کعبہ کی حرمت سے زیادہ ہے۔ جب ایک عام مومن مسلمان کی حرمت خانہ کعبہ سے زیادہ ہے تو پھر سرورِ کائنات محمد مصطفیٰ ﷺ کی ذات مبارکہ جو کہ اس کائنات میں سب سے افضل ترین ذات ہے، آپ ﷺ کے جسدِ اطہر سے مس مٹی خانہ کعبہ سے زیادہ افضل کیسے نہ ہوئی؟

”عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ قَالَ: أَخْبَرَنِي عُمَرُ بْنُ عَطَاءِ بْنِ وَرَازٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، مَوْلَى ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّهُ قَالَ: «يُدْفَنُ كُلُّ إِنْسَانٍ فِي التُّرْبَةِ الَّتِي خُلِقَ مِنْهَا»“۔ ”عبد الرزاق ابن جریج سے، وہ فرماتے ہیں کہ مجھے خبر دی عمر بن عطاء بن وراز نے، ان سے عکرمہ ابن عباس کے غلام نے کہ انہوں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کا فرماتے سنا: دفن کیا جاتا ہے ہر انسان اسی مٹی میں جس سے وہ پیدا کیا گیا“۔ (مصنف عبد الرزاق: باب یدفن فی التربۃ التی منھا خلق، ج۳، ص۵۱۵، رقم الحدیث ۶۵۳۱)

٥١٥

٦٥٢٧ — عبد الرزاق عن معمر عن الحسن وقتادة أنهما كانا ينصرفان ولا ينتظران إذنهم[١].

٦٥٢٨ — عبد الرزاق عن ابن جريج وغيره عن يزيد بن عبد الله ابن الهاد أنه رأى القاسم بن محمد، وعروة ابن الزبير وهما يتبعان جنازة فسمعا النداء قبل أن يفرغ، فقاما حين سمعا النداء، قبل أن يفرغا منها[٢].

٦٥٢٩ — عبد الرزاق عن ابن جريج قال: حُدثت أن عمر بن عبد العزيز[٣] خرج مع جنازة فلما وضعت في القبر انصرف ولم يستأذن.

٦٥٣٠ — عبد الرزاق عن الثوري وغيره عن الصلت بن بهرام عن الحارث بن وهب[٤] قال: قال النبي ﷺ: لا تزال أمتي على مُسكة من دينها ما لم يكلوا الناس الجنائز إلى أهلها.

باب يدفن في التربة التي منها خلق

٦٥٣١ — عبد الرزاق عن ابن جريج قال: أخبرني عمر بن عطاء ابن وراز[٥] [عن] عكرمة مولى ابن عباس أنه قال: يدفن كل إنسان

— إذا صليتم على الجنازة فقد قضيتم ما عليكم فخلوا بينها وبين أهلها ٤ : ١٢٠، رواه المصنف فيما يلي عن الثوري.

(١) أخرجه «ش» عن الحسن من وجهين ٤ : ١٢٠.
(٢) في ص فسبح — ويفرغ هنا وفيما يأتي، وكذا في ز يفرغ.
(٣) كذا في ز وفي ص جريج وهو تحريف.
(٤) ذكره ابن أبي حاتم وقال: روى عن الصنابحي وعن أبي عبد الرحمن السلمي عن النبي ﷺ مرسلاً.

باب يُدْفَنُ فِي التُّرْبَةِ الَّتِي مِنْهَا خُلِقَ

باب: آدمی اسی مٹی میں دفن ہوتا ہے جس سے اُسے پیدا کیا گیا ہو

6531 - اقوال تابعین: عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ قَالَ: أَخْبَرَنِي عُمَرُ بْنُ عَطَاءِ بْنِ وَرَازٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ مَوْلَى ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّهُ قَالَ: يُدْفَنُ كُلُّ إِنْسَانٍ فِي التُّرْبَةِ الَّتِي خُلِقَ مِنْهَا

** عکرمہ فرماتے ہیں: ہر انسان اسی مٹی میں دفن ہوتا ہے جس سے اسے پیدا کیا گیا ہو۔

بالکل یہی بات (بمضمون و معنٰی) رسول اللہ ﷺ سے بھی منقول ہے: "أَخْبَرَنَا أَبُو النَّضْرِ الْفَقِيهُ، وَأَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَنَزِيُّ، قَالَا: ثنا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيدٍ الدَّارِمِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ صَالِحٍ الْوُحَاظِيُّ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنِي أَنَسُ بْنُ أَبِي يَحْيَى مَوْلَى الْأَسْلَمِيِّينَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: مَرَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِجِنَازَةٍ عِنْدَ قَبْرٍ فَقَالَ: "قَبْرُ مَنْ هَذَا؟"، فَقَالُوا: فُلَانٌ الْحَبَشِيُّ يَا رَسُولَ اللَّهِ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ سِيقَ مِنْ أَرْضِهِ وَسَمَائِهِ إِلَى تُرْبَتِهِ الَّتِي مِنْهَا خُلِقَ". هَذَا حَدِيثٌ صَحِيحُ الْإِسْنَادِ۔" "حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی اکرم ﷺ قبر کے پاس (رکھی ہوئی) ایک میت کے پاس سے گزرے، آپ ﷺ نے پوچھا، یہ کس کی قبر ہے؟ صحابہ رضی اللہ عنہم نے جواب دیا: یارسول اللہ ﷺ! یہ فلاں حبشی کی قبر ہے۔ تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔ اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔ اللہ کی زمین اور آسمان سے اس کو اس مٹی کی طرف بھیج دیا گیا ہے، جس سے اس کو پیدا کیا گیا ہے"۔ (المستدرک علی الصحیحین، للحاکم: کتاب الجنائز، ج ۱، ص ۵۱۶، رقم الحدیث ۱۳۵۶)

المستدرك

على الصحيحين

مندرجہ بالا صحیح الاسناداحادیث سے یہ بات سورج کی روشنی کی طرح واضح ہوگئی کہ امام الانبیاءوخاتم النبیین حضرت محمد ﷺ کا جسد مبارک اسی مٹی سے مس ہے جس مٹی سے اللہ ربّ العزت نے آپ ﷺ کو پیدا فرمایا۔ لہٰذا وہ مٹی کیسے نہ افضل ہوئی جس مٹی سے اللہ تبارک وتعالیٰ نے آپ ﷺ کو تخلیق فرمایا۔

یہاں میں اپنی بات کو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے اس تاریخی قول سے ثابت کرتاہوں جو آپؓ نے حجر اسود کو بوسہ دیتے ہوئے فرمائے:"حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَابِسِ بْنِ رَبِيعَةَ، عَنْ عُمَرَ ـ رضى الله عنه ـ أَنَّهُ جَاءَ إِلَى الْحَجَرِ الأَسْوَدِ فَقَبَّلَهُ، فَقَالَ إِنِّي أَعْلَمُ أَنَّكَ حَجَرٌ لاَ تَضُرُّ وَلاَ تَنْفَعُ، وَلَوْلاَ أَنِّي رَأَيْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يُقَبِّلُكَ مَا قَبَّلْتُكَ"۔"حضرت عمر رضی اللہ عنہ حجر اسود کے پاس آئے اور اسے بوسہ دیا اور فرمایا"میں خوب جانتا ہوں کہ تو صرف ایک پتھر ہے، نہ کسی کو نقصان پہنچا سکتا ہے نہ نفع۔ اگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو تجھے بوسہ دیتے ہوئے میں نہ دیکھتا تو میں بھی کبھی تجھے بوسہ نہ دیتا"۔(صحیح البخاری: کتاب الحج، باب مَاذُكِرَفِي الْحَجَرِ الأَسْوَدِ، ج ۲، رقم الحدیث ۱۵۹۷)

۵۰- بَابُ مَا ذُكِرَ فِي الْحَجَرِ الأَسْوَدِ

۱۵۹۷- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ قَالَ أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ عَنِ الأَعْمَشِ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنْ عَابِسِ بْنِ رَبِيعَةَ عَنْ عُمَرَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ ((أَنَّهُ جَاءَ إِلَى الْحَجَرِ الأَسْوَدِ فَقَبَّلَهُ فَقَالَ : إِنِّي أَعْلَمُ أَنَّكَ حَجَرٌ لاَ تَضُرُّ وَلاَ تَنْفَعُ، وَلَوْ لاَ أَنِّي رَأَيْتُ رَسُولَ اللهِ ﷺ يُقَبِّلُكَ مَا قَبَّلْتُكَ)).

[طرفه في : ۱٦۰٥، ۱٦۱۰].

باب حجر اسود کا بیان

(۱۵۹۷) ہم سے محمد بن کثیر نے بیان کیا' انہوں نے کہا کہ ہمیں سفیان ثوری نے خبردی' انہیں اعمش نے' انہیں ابراہیم نے' انہیں عابس نے' انہیں ربیعہ نے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ حجر اسود کے پاس آئے اور اسے بوسہ دیا اور فرمایا میں خوب جانتا ہوں کہ تو صرف ایک پتھر ہے' نہ کسی کو نقصان پہنچا سکتا ہے نہ نفع۔ اگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو تجھے بوسہ دیتے ہوئے میں نہ دیکھتا تو میں بھی کبھی تجھے بوسہ نہ دیتا۔

قارئین کرام سے گزارش ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے اس تاریخی جملے پر غور فرمائیں۔ ہم سب یہ بات اچھی طرح جانتے ہیں کہ حجر اسود کعبہ کے اندر نسب ہے، اس کا مطلب حجر اسود کعبہ میں نسب باقی اینٹوں اور درودیوار کی طرح کعبہ کا حصہ ہے۔ اور بقول انجنیئر صاحب اوران کے حواریوں کے کعبہ اللہ کا گھر ہے۔ اس کے باوجود بھی حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حجر اسود (یعنی کعبہ کے حصہ کو) صرف اس لیے بوسہ دیا کہ ہمارے پیارے نبی ﷺ نے اسے بوسہ دیا تھا۔

کیاحضرت عمر رضی اللہ عنہ کو یہ بات معلوم نہیں تھی کہ حجر اسود کعبہ کا حصہ ہے اور کعبہ اللہ تبارک وتعالیٰ کا گھر ہے؟ لہٰذا اللہ تبارک وتعالیٰ کا گھر تو رسول اللہ ﷺ سے بھی افضل ہوا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ حجر اسود کو بوسہ دیتے ہوئے یہ بھی تو کہہ سکتے تھے کہ "کیونکہ تو اللہ کے گھر میں نسب ہے اس لئے میں تجھے بوسہ دیتاہوں"، لیکن آپؓ نے ایسا نہیں فرمایا بلکہ آپؓ نے بوسہ دینے کی وجہ رسول اللہ ﷺ کا بوسہ دینا بتائی کیونکہ آپؓ یہ اچھی طرح جانتے تھے کہ اللہ تعالیٰ جہت ومکان کی قید سے منزہ ومبرہ

ہے۔ اوراللہ تبارک وتعالیٰ نے کعبۃ اللہ کو مجازاًاپناگھر بنایاہے۔ اس کے برعکس رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی ذات مبارکہ اس کائنات میں سب سے افضل ہے۔

قارئین کرام ذراغور فرمائیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حجر اسود کو بوسہ دینے کا سبب رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کا بوسہ دیناہی بتایا حالانکہ آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے حجر اسود کا بوسہ غالباً صرف ایک ہی بار لیا تھا، لہٰذا حجر اسود قیامت تک آنے والے مسلمانوں کے لیے افضل ترین پتھر بن گیا تو پھر وہ مٹی جو رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے جسدِ اطہر سے قیامت تک کے لیے مس ہے بھلا وہ کعبہ سے افضل کیسے نہ ہوئی؟ اسی لیے ہم کہتے ہیں کہ یہ علم کی باتیں عالموں کے سمجھنے کی ہیں، انجنیئر صاحب جیسے ہر ایرے غیرے نتھو خیرے کے سمجھنے کی نہیں۔ یہی وجہ ہے کہ نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کا ارشاد پاک ہے کہ: "حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عُفَيْرٍ، قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، عَنْ يُونُسَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ قَالَ حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ سَمِعْتُ مُعَاوِيَةَ، خَطِيبًا يَقُولُ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُولُ "مَنْ يُرِدِ اللَّهُ بِهِ خَيْرًا يُفَقِّهْهُ فِي الدِّينِ، وَإِنَّمَا أَنَا قَاسِمٌ وَاللَّهُ يُعْطِي، وَلَنْ تَزَالَ هَذِهِ الأُمَّةُ قَائِمَةً عَلَى أَمْرِ اللَّهِ لاَ يَضُرُّهُمْ مَنْ خَالَفَهُمْ حَتَّى يَأْتِيَ أَمْرُ اللَّهِ""۔ "حمید بن عبدالرحمٰن نے کہا کہ میں نے معاویہؓ سے سنا۔ وہ خطبہ میں فرما رہے تھے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ جس شخص کے ساتھ اللہ تعالیٰ بھلائی کا ارادہ کرے اسے دین کی سمجھ عنایت فرما دیتا ہے اور میں تو محض تقسیم کرنے والا ہوں، دینے والا تو اللہ ہی ہے اور یہ امت ہمیشہ اللہ کے حکم پر قائم رہے گی اور جو شخص ان کی مخالفت کرے گا، انہیں نقصان نہیں پہنچا سکے گا، یہاں تک کہ اللہ کا حکم (قیامت) آجائے (اور یہ عالم فنا ہو جائے)"۔ (صحیح البخاری: کتاب العلم، باب مَنْ يُرِدِ اللَّهُ بِهِ خَيْرًا يُفَقِّهْهُ فِي الدِّينِ، رقم الحدیث: ۷۱)

۱۳ - بَابُ مَنْ يُرِدِ اللهُ بِهِ خَيْرًا يُفَقِّهْهُ فِي الدِّيْنِ

۷۱ - حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ عُفَيْرٍ قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ عَنْ يُونُسَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ: قَالَ حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ سَمِعْتُ مُعَاوِيَةَ خَطِيبًا يَقُولُ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ ﷺ يَقُولُ: ((مَنْ يُرِدِ اللهُ بِهِ خَيْرًا يُفَقِّهْهُ فِي الدِّيْنِ، وَإِنَّمَا أَنَا قَاسِمٌ، وَاللهُ يُعْطِي. وَلَنْ تَزَالَ هَذِهِ الأُمَّةُ قَائِمَةً عَلَى أَمْرِ اللهِ لاَ يَضُرُّهُمْ مَنْ خَالَفَهُمْ حَتَّى يَأْتِيَ أَمْرُ اللهِ)).
[أطرافه في: ۳۱۱٦، ۳٦٤۱، ۷۳۱۲، ۷٤٦۰].

باب اس بارے میں کہ اللہ تعالیٰ جس شخص کے ساتھ بھلائی کرنا چاہتا ہے اسے دین کی سمجھ عنایت فرما دیتا ہے۔

(۷۱) ہم سے سعید بن عفیر نے بیان کیا' ان سے وہب نے یونس کے واسطے سے نقل کیا' وہ ابن شہاب سے نقل کرتے ہیں' ان سے حمید بن عبدالرحمٰن نے کہا کہ میں نے معاویہ رضی اللہ عنہ سے سنا۔ وہ خطبہ میں فرما رہے تھے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ جس شخص کے ساتھ اللہ تعالیٰ بھلائی کا ارادہ کرے اسے دین کی سمجھ عنایت فرما دیتا ہے اور میں تو محض تقسیم کرنے والا ہوں' دینے والا تو اللہ ہی ہے اور یہ امت ہمیشہ اللہ کے حکم پر قائم رہے گی اور جو شخص ان کی مخالفت کرے گا' انہیں نقصان نہیں پہنچا سکے گا' یہاں تک کہ اللہ کا حکم (قیامت) آجائے (اور یہ عالم فنا ہو جائے)

انجنیئر صاحب کی عقل و فہم کی داد دینی پڑے گی اور ساتھ میں ان کے حواریوں کی سمجھ کو بھی جو کہ انجنیئر صاحب جیسے کم علم و کم عقل لوگوں کی باتوں میں آکر ائمہ دین پر طعن و تشن کرتے ہیں۔ قارئین کرام اب مجھے یہ بتائیں کیا اللہ تعالیٰ اپنے گھر سے متصل ہیں؟ کیا اللہ تعالیٰ عرش سے آپ کے نزدیک مس ہیں(نعوذ باللہ)؟ کیا اللہ تعالیٰ اپنی کرسی سے مس حالت میں ہیں(معاذاللہ)؟ کہیں انجنیئر صاحب فرقہ مشبہہ میں سے تو نہیں ہیں؟ یہ بتایئے اس کائنات میں اللہ تعالیٰ کے بعد سب سے محترم اور عظیم ہستی کون ہے؟ نبی ﷺ ہیں یا نہیں؟ تو جس چیز سے اللہ تعالیٰ کا تعلق صرف ملکیت کا ہے وہ زیادہ افضل ہو گی یا جس چیز سے محمد مصطفیٰ ﷺ کا تعلق صرف ملکیت کا ہی نہیں بلکہ آپ ﷺ کا جسدِ اطہر اس چیز سے قیامت تک کے لئے مس ہے وہ افضل ہوئی؟ قرآن میں اللہ تعالیٰ نے عرش کو عظیم کہا ہے، کرسی کو بڑا کہا ہے، کعبہ کو حرمت والا کہا ہے لیکن یہ کہاں کہا ہے کہ یہ سب کائنات کی باقی تمام چیزوں سے بھی افضل ہیں؟ اس کے برعکس قرآن مجید میں اللہ تبارک و تعالیٰ نے یہ بھی تو فرمایا ہے کہ:

”وَلَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِيٓ اٰدَمَ وَحَمَلْنٰهُمْ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَرَزَقْنٰهُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ وَفَضَّلْنٰهُمْ عَلٰي كَثِيْرٍ مِّمَّنْ خَلَقْنَا تَفْضِيْلً“۔”اور ہم نے بنی آدم کو عزت بخشی اور ان کو جنگل اور دریا میں سواری دی اور پاکیزہ روزی عطا کی اور اپنی بہت سی مخلوقات (بڑی مخلوق) پر فضیلت دی“۔[سورۃ الاسرا:۷۰]

”حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، حَدَّثَنَا فَضْلُ بْنُ مُسَاوِرٍ، خَتَنُ أَبِي عَوَانَةَ حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ ـ رضى الله عنه ـ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُولُ "اهْتَزَّ الْعَرْشُ لِمَوْتِ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ"“۔”حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کی موت پر عرش ہل گیا“۔(صحیح البخاری:ج۵، کتاب مناقب الأنصار، باب مَنَاقِبُ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ رضی اللہ عنہ، رقم الحدیث:۳۸۰۳)

مندرجہ بالا روایت کی تفصیل میں قاضی أبو یعلی محمد بن الحسین بن محمد بن خلف ابن الفراءؒ(المتوفی:۴۵۸ھ) لکھتے ہیں:”ليس مما يرجع إِلَى شيء من الصفات لأَنَّ العرش محدث مخلوق، وغير ممتنع أن يهتز العرش عَلَى الحقيقة، ويتحرك لموت سعد، لأَنَّ العرش تجوز عَلَيْهِ الحركة، ويكون لذكره فائدة وَهُوَ: فضيلة سعد، أن العرش مع عظم قدره اهتز لَهُ“۔(إبطال التأويلات لأخبار الصفات:ص۳۸۳)

لموته، عرش الرحمن عز وجل»[1].

٣٦١- وفي حديث آخر: رواه بإسناده عن ابن عمر قال: قال رسول الله ﷺ: «هذا العبد الصالح الذي تحرك له العرش، وفتحت له أبواب السموات، وشهده سبعون ألف من الملائكة لم يهبطوا إلى الأرض قبل ذلك، ولقد ضم في قبره ثم أفرج له» يعني سعداً رحمه الله[3].

اعلم أن هذا الخبر ليس مما يرجع إلى شيء من الصفات لأن «العرش» محدث مخلوق، وغير ممتنع أن يهتز العرش على الحقيقة، ويتحرك لموت سعد، لأن العرش تجوز عليه الحركة، ويكون لذكره فائدة وهو: فضيلة سعد، أن العرش مع عظم قدره اهتز له[4].

---

(٢) أخرجه الطبراني في الكبير (٢٠/ ٢٩٠) من غيلان بن جامع عن أبي عبدالله عن يحيى ابن أبي كثير عن أبي سلمة عن معيقيب عن النبي ﷺ قال: «اهتز العرش لموت سعد بن معاذ».
ذكره الهيثمي في المجمع (٩/ ٣٠٩) وقال: رواه الطبراني وفيه عمرو بن مالك الغبري! وثقه ابن حبان وقال يغرب وضعفه أبو حاتم وأبو زرعة، وبقية رجاله رجال الصحيح!
كذا في المجمع! وليس في سند الطبراني عمرو بن مالك! وكنيته أبو عثمان.
وأبو عبدالله المذكور في الإسناد لم أعرفه، ولعل في المطبوعة شيء.
وفي تاريخ الخطيب (٩/ ٤٩) عن عبدالله بن علي بن المديني قال: قلت لأبي: حديث رواه الوليد عن الأوزاعي عن يحيى عن أبي سلمة عن معيقيب أن النبي ﷺ قال: «اهتز العرش لموت سعد» فقال: هذا الحديث كذب موضوع، رواه سليمان بن أحمد الواسطي وعمرو بن مالك.
(٣) صحيح، أخرجه ابن سعد (٣/ ٤٣٠) والنسائي (٤/ ١٠٠ - ١٠١) والبيهقي في «إثبات عذاب القبر» (١٠٩) والخطيب في تاريخه (٦/ ٢٥٠) من طريقين عن عبدالله بن إدريس أخبرنا عبيدالله بن عمر عن نافع عن ابن عمر مرفوعاً به.
وسنده صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين.
تنبيه: سقط من سند البيهقي في المطبوعة: عبيدالله بن عمر عن نافع!
(٤) اهتزاز العرش إنما هو لاستبشاره وسروره بقدوم روحه، يقال لكل من فرح بقدوم قادم -

إبطال التأويلات لأخبار الصفات

تصنيف القاضي الإمام الأوحد

أبي يعلى محمد بن الحسين بن محمد بن الفراء

نور الله وجهه آمين

المتوفى سنة ٤٥٨هـ

تحقيق ودراسة

أبي عبدالله محمد بن حمد الحمود النجدي

الجزء الأول

”وعليه فليس ببدعٍ أن يقال: أن الرسول عليه الصلاة والسلام أفضل من العرش (على اعتبار أن العرش مخلوق وأن النبي صلى الله عليه وسلم أشرف المخلوقات)“۔

انجنیئر صاحب نے عرش کے بارے میں عام اور لاعلم مسلمانوں کے سامنے کچھ اس طرح بیان کیا ہے، گویا کہ عرش اللہ تبارک وتعالیٰ سے ملا ہوا ہے حالانکہ ایسا عقیدہ رکھنا تو درکنار ایسا سوچنا بھی گمراہی ہے، کیونکہ اللہ تبارک وتعالیٰ عرش پر کس طرح جلوہ افروز ہیں اس کی کیفیت ہمیں معلوم نہیں۔ جبکہ رسول اللہ ﷺ کا جسدِ اطہر قبر کی مٹی سے کس طرح ملا ہوا ہے اس کی کیفیت ہمیں اچھی طرح معلوم ہے اور ساتھ میں یہ بھی معلوم ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اسی مٹی سے آپ ﷺ کو تخلیق کیا۔ اب دیکھا جائے تو عرش بھی اللہ تبارک وتعالیٰ کی مخلوق ہے جسے اللہ ربُّ العزت نے تخلیق کیا اور سرورِ کائنات امام الانبیاء وخاتم النبیین حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ بھی اللہ تعالیٰ کی مخلوق ہیں جن کو اللہ ربُّ العزت نے تخلیق کیا۔ جب دونوں ہی اللہ تعالیٰ کی مخلوق ہیں تو پھر دونوں کی افضلیت برابر بھی ہو سکتی ہے اور کسی کو دوسرے پر فوقیت بھی ہو سکتی ہے۔ تو پھر اس مسئلے میں بدعقیدگی اور گمراہیت کی بات کہاں سے آگئی؟ اگر کسی مسلمان کے نزدیک اللہ تعالیٰ کی ایک مخلوق (عرش) افضل ہے تو بھی اس میں کسی قسم کے اعتراض کی بات

نہیں اور کسی مسلمان کے نزدیک اللہ تبارک وتعالیٰ کی دوسری مخلوق (رسول اللہ ﷺ) افضل ہیں تو بھی اس میں کسی قسم کے اعتراض کی بات نہیں۔ انجنیئر صاحب جہاں دل چاہے قیاس کے گھوڑے دوڑا لیتے ہیں، کوئی قاعدہ بھی ہے ان کے قیاس کا؟

ہو سکتا ہے اس پر انجنیئر صاحب اور ان کے حواری یہ کہیں کہ عرش، کعبہ اور کرسی تو اللہ تعالیٰ کے نام کے ساتھ خاص طور پر منصوب ہیں اور اللہ تعالیٰ نے انہیں اپنے لیے تخلیق دیا ہے تو ہم کہیں گے کہ امام الانبیاء وخاتم النبیین حضرت محمد ﷺ کو بھی اللہ تعالیٰ نے خاص طور پر اپنے دین کی ترویج واشاعت اور تکمیل کے لئے پیدا فرمایا اور تمام مخلوقات اِنس وجن میں سب سے افضل قرار دیا۔

"حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عُمَرَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ ابْنِ جُدْعَانَ، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ، قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صلى الله عليه وسلم "أَنَا سَيِّدُ وَلَدِ آدَمَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَلاَ فَخْرَ وَبِيَدِي لِوَاءُ الْحَمْدِ وَلاَ فَخْرَ وَمَا مِنْ نَبِيٍّ يَوْمَئِذٍ آدَمُ فَمَنْ سِوَاهُ إِلاَّ تَحْتَ لِوَائِي وَأَنَا أَوَّلُ مَنْ تَنْشَقُّ عَنْهُ الأَرْضُ وَلاَ فَخْرَ"۔ قَالَ أَبُو عِيسَى وَفِي الْحَدِيثِ قِصَّةٌ وَهَذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ۔ وَقَدْ رُوِيَ بِهَذَا الإِسْنَادِ عَنْ أَبِي نَضْرَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم"۔ "نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: میں تمام اولاد آدم کا سردار ہوں، لیکن مجھے اس پر فخر نہیں ہے"۔ (جامع الترمذی: کتاب المناقب عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، ج۱، رقم الحدیث ۳۶۱۵)

ان دلائل کے بعد بھی اگر کوئی اس بات پر بضد ہے کہ یہ ایک غلط اور گمراہ عقیدہ ہے تو پھر ہم اس سے مطالبہ کرتے ہیں کہ جو الزام آپ نے علماءِ دیوبند پر لگایا ہے اور جو زبان آپ نے علماءِ دیوبند اور مفتی طارق مسعود صاحب کے لئے استعمال کی ہے وہی الزام والفاظ ان محدثین ومفسرین کے خلاف بھی استعمال کریں جنہوں نے اس عقیدہ کو اپنی کتابوں میں رقم کیا۔

ان محدثین ومفسرین کے خلاف زبان کھولنے کے بعد آپ ہمیں ان اشکالات کے بھی جوابات دینے کے پابند ہونگے کہ جب ۱۰۰۰ سال تک آنے والے تمام (حنفی، شافعی، مالکی، حنبلی) محدثین ومفسرین کا عقیدہ غلط تھا اور وہ گمراہ تھے اور موجودہ دور کے انجنیئر صاحب اور ان کے حواریوں کا عقیدہ صحیح ہے تو پھر سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ انجنیئر صاحب تک صحیح دین کیسے پہنچا؟ کیونکہ دین اسلام تو آپ تک ان ہی محدثین ومفسرین کی کتابوں کے ذریعہ سے ہی پہنچا ہے۔ پھر آپ نے ان گمراہ اور غلط عقیدہ رکھنے والوں کی لکھی ہوئی کتابوں پر کیسے اعتماد کر لیا؟ اس طرح تو پھر رسول اللہ ﷺ کی اس حدیث کو بھی نعوذ باللہ غلط قرار دینا پڑے گا، کیونکہ آپ ﷺ نے فرمایا: ”حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، ثنا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ مَرْزُوقٍ مَوْلَى آلِ طَلْحَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: «لَنْ تَجْتَمِعَ أُمَّتِي عَلَى الضَّلَالَةِ أَبَدًا، فَعَلَيْكُمْ بِالْجَمَاعَةِ فَإِنَّ يَدَ اللهِ عَلَى الْجَمَاعَةِ«“۔”میری امت کبھی گمراہی پر جمع نہیں ہوگی پس تمہارے لئے جماعت ہے کیونکہ اللہ کا ہاتھ جماعت پر ہے“۔(المعجم الکبیر للطبرانی: ج ۱۲، ص ۴۴۷، رقم الحدیث ۱۳۶۲۳)

المعجم الكبير

للحافظ أبي القاسم سليمان بن أحمد الطبراني

٢٦٠هـ - ٣٦٠هـ

حققه وخرج احاديثه

حمدي عبد المجيد السلفي

الجزء الثاني عشر

الناشر

مكتبة ابن تيمية

القاهرة

الله ، مامن عبد بات طاهرا الا بات في شعاره ملك ، كلما تقلب من الليل ساعة قال الملك اللهم اغفر لعبدك كما بات طاهرا » .

١٣٦٢٢ ـ حدثنا احمد بن الجعد الوشاء ثنا محمد بن بكار ثنا محمد بن الفضل عن سالم الافطس عن عطاء عن ابن عمر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم : « صلوا على من قال لا اله الا الله ، وصلوا وراء من قال لا اله الا الله » .

[عمرو بن دينار عن ابن عمر]

١٣٦٢٣ ـ حدثنا عبدالله بن احمد بن حنبل حدثني محمد بن ابي بكر المقدمي ثنا معتمر بن سليمان عن مرزوق مولى آل طلحة عن عمرو بن دينار عن ابن عمر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم : « لن تجتمع امتي على الضلالة ابدا فعليكم بالجماعة فان يد الله على الجماعة » .

١٣٦٢٤ ـ حدثنا سهل بن ابي سهل الواسطي ثنا يحيى بن حبيب بن عربي ثنا معتمر بن سليمان ثنا سليمان بن سفيان المدني عن عمرو بن دينار عن ابن عمر رضي الله عنه عن النبي صلى الله عليه وسلم مثله .

١٣٦٢٢ ـ قال في المجمع ٢/٦٧ وفيه محمد بن الفضل بن عطية وهو كذاب .

١٣٦٢٣ ـ قال في المجمع ٥/٢١٨ رواه الطبراني باسنادين رجال احدهما ثقات رجال الصحيح خلا مرزوق مولى ال طلحة وهو ثقة .

- ٤٤٧ -

”حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ، حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، وَأَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ وَمَنْدَلٌ عَنْ مُطَرِّفٍ، عَنْ أَبِي جَهْمٍ، عَنْ خَالِدِ بْنِ وَهْبَانَ، عَنْ أَبِي ذَرٍّ، قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صلى الله عليه وسلم: "مَنْ فَارَقَ الْجَمَاعَةَ شِبْرًا فَقَدْ خَلَعَ رِبْقَةَ الإِسْلاَمِ مِنْ عُنُقِهِ"“۔

”ابوذر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:”جس نے جماعت سے ایک بالشت بھی علیحدگی اختیار کی تو اس نے اسلام کا قلادہ اپنی گردن سے اتار پھینکا“۔(صحیح سنن ابی داوٗد: کتاب السنۃ، باب فِي قَتْلِ الْخَوَارِجِ، ج۳، ص۱۶۷، رقم الحدیث۴۷۵۸)

صَحِيحُ سُنَنِ أَبِي دَاوُد

لِلإِمَامِ الحَافِظِ سُلَيْمَانَ بْنِ الأَشْعَثِ السِّجِسْتَانِي

المتوفى سنة ٢٧٥هـ رحمه الله

تأليف

محمد ناصر الدين الألباني

المجلد الثالث

مكتبة المعارف للنشر والتوزيع

لصاحبها سعد بن عبد الرحمن الراشد

الرياض

«صحيح سنن أبي داود»

« إِنِّي لأُنْذِرُكُمُوهُ، وَمَا مِنْ نَبِيٍّ إِلَّا قَدْ أَنْذَرَهُ قَوْمَهُ، لَقَدْ أَنْذَرَهُ نُوحٌ قَوْمَهُ ، وَلَكِنِّي سَأَقُولُ لَكُمْ فِيهِ قَوْلًا لَمْ يَقُلْهُ نَبِيٌّ لِقَوْمِهِ: تَعْلَمُونَ أَنَّهُ أَعْوَرُ ، وَأَنَّ اللهَ لَيْسَ بِأَعْوَرَ » .

- صحيح : ق ، «قصة الدجال» .

٣٠- بَاب فِي قَتْلِ الْخَوَارِجِ

٤٧٥٨ - عَنْ أَبِي ذَرٍّ ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ :

« مَنْ فَارَقَ الْجَمَاعَةَ شِبْرًا فَقَدْ خَلَعَ رِبْقَةَ الإِسْلَامِ مِنْ عُنُقِهِ » .

- صحيح : «الظلال» (٨٩٢) .

٤٧٦٠ - عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ ﷺ ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ :

« سَتَكُونُ عَلَيْكُمْ أَئِمَّةٌ تَعْرِفُونَ مِنْهُمْ وَتُنْكِرُونَ ، فَمَنْ أَنْكَرَ بِلِسَانِهِ ؛ فَقَدْ بَرِئَ ، وَمَنْ كَرِهَ بِقَلْبِهِ ؛ فَقَدْ سَلِمَ ، وَلَكِنْ مَنْ رَضِيَ وَتَابَعَ » .

فَقِيلَ: يَا رَسُولَ اللهِ ! أَفَلَا نَقْتُلُهُمْ ؟ وفي لفظ: أَفَلَا نُقَاتِلُهُمْ؟ - قَالَ:

«لَا ؛ مَا صَلَّوْا » .

- صحيح : م . «الترمذي» (٢٣٨١) .

٤٧٦١ - عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، عَنِ النَّبِيِّ ﷺ . . . بِمَعْنَاهُ ، قَالَ:

« فَمَنْ كَرِهَ فَقَدْ بَرِئَ ، وَمَنْ أَنْكَرَ فَقَدْ سَلِمَ » .

١٦٧

مندرجہ بالا صحیح الاسناد احادیث کی روشنی میں ہم یہ کہنے پر حق بجانب ہونگے کہ موجودہ دور کے انجینئر صاحب اوران کے حواری تو گمراہ ہوسکتے ہیں لیکن یہ امت ۱۰۰۰ سال سے گمراہیت پر ہرگز جمع نہیں ہوسکتی۔

ممکن ہے اب انجینئر صاحب اوران کے حواری یہ دعویٰ کریں کہ پوری امت مسلمہ گمراہ نہیں ہوئی تھی، صرف وہی (حنفی، شافعی، مالکی، حنبلی) محدثین ومفسرین اوران کے پیروکار گمراہ ہوئے تھے جن کا یہ غلط عقیدہ تھا۔ تو اس پر ہم انجینئر صاحب سے مطالبہ کرتے ہیں کہ پچھلے ۱۰۰۰ سالوں میں گزرے ہوئے ان صحیح العقائد مسلمان اوران کے دور کے صحیح العقائد علماءِ دین ومحدثین ومفسرین کی فہرست پیش کر دیجئے جن کا ایسا غلط عقیدہ نہیں تھا۔ اورساتھ میں اس سوال کا بھی جواب دیدیجئے کہ ان صحیح عقیدہ رکھنے والے علماء نے ان غلط عقائد رکھنے والے علماء کے خلاف آپ کی طرح اعتراض کیوں نہیں کیا؟ انہیں گمراہ قرار دے کر اسلام سے خارج کیوں نہ کیا؟ اوران کے خلاف کتابیں کیوں نہ لکھیں؟ یاپھر کم سے کم انہیں بدعتی کے القابات سے کیوں نہ نوازہ؟ بلکہ ہم

تو دیکھتے ہیں کہ ہر دور کے محدثین وائمہ دین نے اس مسئلے میں ان کی حمایت میں ہی کتابیں لکھیں، اختلاف یا اعتراض تو کسی نے بھی نہیں کیا۔ اس کا مطلب نہ یہ عقیدہ غلط ہے اور نہ ہی وہ تمام ائمہ دین غلط ہیں جنہوں نے اس مسئلے کو اپنی اپنی کتابوں میں رقم کیا، بلکہ انجنیئر صاحب جیسے کم علم وکم عقل لوگوں کی سوچ غلط ہے جنہوں نے علماءِ دیوبند سے بغض وحسد کے نتیجے میں عام ولا علم مسلمانوں کے سامنے ایسے مسائل بیان کرکے انہیں ائمہ کرام سے بدگمان کرنے کی ناکام کوششیں کی تاکہ ان کی اپنی دکانیں چل سکیں۔

اگر چند لمحوں کے لئے مان بھی لیا جائے کہ یہ عقیدہ غلط وگمراہ کن ہے تو پھر انجنیئر صاحب سے گزارش ہے کہ پہلے ان لوگوں پر اعتراضات کریں اور حکم لگائیں جنہوں نے اس عقیدہ کی بنیاد رکھی، ان لوگوں کو گمراہ قرار دیں جن ائمہ کرام نے اس عقیدہ کو اپنی کتابوں میں رقم کیا ہے اور ساتھ میں اس پر اجماع بھی نقل کیا جیسا کہ:

ا۔ "وَكَانَ مَالِكٌ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ يَقُولُ مَنْ فَضَّلَ الْمَدِينَةَ عَلَى مَكَّةَ إِنِّي لَا أَعْلَمُ بُقْعَةً فِيهَا قَبْرُ نَبِيٍّ مَعْرُوفٍ غَيْرَهَا"۔ "امام مالک رضی اللہ عنہ (المتوفی:۱۷۹ھ) فرماتے ہیں کہ جو مدینہ کو مکہ پر افضلیت کا قائل ہے اس کی اصل وجہ یہ ہے کہ میں کسی ایسی جگہ کو نہیں جانتا جہاں کسی معروف نبی کی قبر ہو سوائے مدینہ کے۔ لیکن مدینہ ایسی جگہ ہے جہاں معروف نبی کی قبر ہے تو یہ وجہ ہے مدینہ کے مکہ پر افضل ہونے کی"۔ (التمهيد لما في الموطأ من المعاني والأسانيد: ج۲، ص۲۸۹)

التمهيد

لما في الموطأ من المعاني والأسانيد

تأليف

الإمام الحافظ أبي عمر يوسف بن عبد الله

ابن محمد بن عبد البر النمري القرطبي

(368 - 463هـ)

تحقيق

سعيد أحمد أعراب

8 جمادى الثانية 1401هـ - 13 أبريل 1981م

289

وعقيل (1267) بن خالد وعبد الرحمان (1268) بن خالد بن مسافر كلهم عن ابن شهاب باسناده مثله . ورواه معمر عن الزهرى عن أبى سلمة عن أبى هريرة عن النبى صلى الله عليه وسلم مثله . وقد رواه محمد بن عمرو . عن ابى سلمة عن أبى هريرة . وقد روى مالك ما يدل على أن مكة أفضل الارض كلها ، ولكن المشهور عن أصحابه فى مذهبه تفضيل المدينة . حدثنا عبد الرحمان بن يحيى حدثنا محمد حدثنا أحمد بن داود حدثنا سحنون حدثنا عبد الله بن وهب قال حدثنى مالك بن أنس أن آدم لما أهبط الى الارض بالهند أو السند قال يا رب هذه أحب الارض اليك ان تعبد فيها قال بل مكة فسار آدم حتى أتى مكة فوجد عندها ملائكة يطوفون بالبيت ويعبدون الله فقالوا مرحبا مرحبا بأبى البشر انا ننتظرك ها هنا منذ ألفى سنة . حدثنا عبد الوارث حدثنا قاسم حدثنا أحمد بن زهير حدثنا قتيبة حدثنا الليث بن سعد عن عقيل عن الزهرى عن أبى سلمة عن عبد الله بن عدى بن الحمراء قال رأيت النبى صلى الله عليه وسلم وهو واقف على راحلته بالحزورة يقول : « **والله انك لخير أرض واحب أرض الله الى الله ولولا انى أخرجت منك ما خرجت** » وكان مالك رضى الله عنه يقول من فضل المدينة على مكة انى لا أعلم بقعة فيها قبر نبي معروف غيرها . وهذا والله أعلم وجهه عندى من قول مالك فانه يريد ما لا يشك فيه وما يقطع العذر خبره ، والا فان الناس يزعم منهم الكثير ان قبر ابراهيم صلى الله عليه وسلم ببيت

(1267) عقيل بن خالد ، هو عقيل — بالضم ابن خالد بن عقيل بالفتح الايلي بفتح الهمزة ابو خالد الاموي مولاهم ، ثقة ثبت سكن المدينة، ثم الشام ، ثم مصر ، من السادسة ، مات سنة 144 على الصحيح « تقريب التهذيب »

(1268) عبد الرحمان بن خالد بن مسافر الفهمي ابو خالد المصري اميرها، عن الزهري ، وعنه الليث ، قال النسائي ، وقال ابن يونس : مات سنة 127 .
« الخلاصة »

التمهيد ۲

۲۔"قاله ابن عبد البر وغيره، وأفضل بقاعها الكعبة المشرفة ثم بيت خديجة بعد المسجد الحرام، نعم التربة التي ضمت أعضاء سيدنا رسول الله صلى الله عليه وسلم أفضل من جميع ما مر حتى من العرش"۔"ابن عبد البر القرطبی المالکی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی:۴۶۳ھ) فرماتے ہیں کہ: مکہ میں تمام جگہوں سے افضل کعبۃ اللہ ہے اوراس کے بعد حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کا گھر ہے۔ البتہ اِن تمام جگہوں سے افضل وہ مٹی ہے جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے جسد اطہر سے مس ہے، حتیٰ کہ عرش سے بھی افضل ہے"۔(البجیرمی علی الخطیب:ج۱،ص۱۰۱)

البجيرمي على الخطيب

وهو

حاشية الشيخ سليمان بن محمد بن عمر البجيرمي الشافعي

المتوفى سنة ١٢٢١هـ

المسماة

تحفة الحبيب على شرح الخطيب

المعروف

بالإقناع في حل ألفاظ أبي شجاع

للشيخ محمد بن أحمد الشربيني القاهري الشافعي

المعروف بالخطيب الشربيني

المتوفى سنة ٩٧٧هـ

الجزء الأول

دار الكتب العلمية

بيروت - لبنان

كتاب الطهارة/ القول في أنواع المياه ١٠١

(١) [قال ناصر:] (١٣) قلت: هذا كله رجم بالغيب ومن التقول على الله بغير علم، فأين الدليل على ما زعموه من الأفضلية، لا سيما والدليل على أفضلية مكة على المدينة صريح في قول النبي ﷺ موجهاً خطابه لمكة: «والله إنك لخير أرض الله، وأحب أرض الله إلى الله، ولولا أني أخرجت منك ما خرجت». صححه ابن حبان وغيره وهو مخرج في «المشكاة» (٢٧٢٥). وإذا كان معنى التفضيل بين مكة والمدينة ما سيذكره المؤلف قريباً: أن ثواب العمل في أحدهما أكثر من ثواب العمل في الأخرى فكيف يجوز للمؤمن أن يفضل المدينة على مكة وهو يعلم يقيناً قول النبي ﷺ: «صلاة في مسجدي هذا أفضل من ألف صلاة فيما سواه من المساجد إلا المسجد الحرام» متفق عليه، وهو مخرج في «الإرواء» (٩٥٣ [الرقم الصحيح في المطبوع هو ٤/١٤٣ - ١٤٦، برقم ٩٧١] و١١١٤ [٤/٣٤١ و٣٤٢، برقم ١١٢٩]) عن جمع من الأصحاب، وزاد بعضهم: «وصلاة في المسجد الحرام أفضل من مائة ألف صلاة فيما سواه»، وتالله ما يفضل المدينة على مكة، إلا أحد رجلين: رجل لم تبلغه هذه الأحاديث وغيرها. وآخر متعصب هالك في التقليد أو في العصبية البلدية! [ن].

(*) [والذي قاله في ٩٧١ هو:]

٩٧١ - (حديث أبي هريرة مرفوعاً: «صلاة في مسجدي هذا خير من ألف صلاة فيما سواه إلا المسجد الحرام» رواه الجماعة إلا أبا داود. وفي رواية: «فإنه أفضل»). ص٢٣٣-٢٣٤.

صحيح. وله طرق كثيرة عن أبي هريرة رضي الله عنه:

الأول: عن أبي عبد الله الأغر عنه.=

٣٩

۴۷۔ مشہور غیر مقلد عالم مترجم صحاح ستہ علامہ وحید الزمان صدیقی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی:۱۳۳۸ھ) لکھتے ہیں: ”سلف نے اختلاف کیا ہے کہ دونوں شہروں میں کون سا افضل ہے، جمہور علماء اس طرف گئے ہیں کہ مکہ افضل ہے اور یہی قول ہے شافعی رحمۃ اللہ علیہ، ابن وہب رحمۃ اللہ علیہ، مطرف اور ابن حبیب رحمۃ اللہ علیہ کا اور یہی مذہب ہے ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اور اصحابِ ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا اور اسی کو اختیار کیا ہے ابن عبد البر رحمۃ اللہ علیہ اور ابن رشد رحمۃ اللہ علیہ اور ابن عرفہ رحمۃ اللہ علیہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ اور ایک جماعت صحابہ رضی اللہ عنہم نے اور اکثر اہل مدینہ اور امام مالک رحمۃ اللہ علیہ اور ان کے اصحاب کا قول یہ ہے کہ مدینہ افضل ہے بعض شوافع نے بھی اسی کو اختیار کیا ہے اور جانبین کی طرف دلائل بہت ہیں یہاں تک کہ ابن ابی حمزہ رحمۃ اللہ علیہ نے کہا کہ دونوں شہر برابر ہیں اور سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے کہا کہ صحیح یہ ہے کہ اس مسئلے میں توقف کرے کیونکہ دلائل ایک دوسرے کے معارض ہیں اور نفس مائل ہوتا ہے مدینہ منورہ کی تفضیل کی طرف۔ پھر کہا ہے جب صاحب عقل اور صاحب علم تامل کرے تو معلوم ہوتا ہے کہ مکہ کو جو فضیلت ملی ہے اس قدر یا اس سے بہتر مدینہ کو بھی ملی ہے۔ بلکہ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے خصائص میں جزم کیا ہے مدینہ کے افضل ہونے کا اور محل خلاف اس مقام کے سوا ہے جہاں پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا جسد مبارک مدفون ہے اتنا ٹکڑا تو زمین اور آسمان سے بھی افضل ہے، اسی طرح جس مقام پر کعبہ ہے وہ مدینہ سے افضل ہے۔ (زرقانی)“۔ (موطا امام مالک مترجم: کتاب الجامع، مدنیہ کی فضیلت کا بیان، ص۵۹۹)

۴۸۔”أن موضع قبره الشريف ﷺ أفضل بقاع الأرض، وهو أفضل الخلق وأكرمهم على الله تعالى --- فاذا تقرر أنه أفضل المخلوقين وأن تربته أفضل بقاع الأرض“۔”مشہور سعودی عالم اوراستادِ حرم علوی بن عباس المالکی رحمۃ اللہ علیہ کے بیٹے سید محمد علوی المالکی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی:۱۴۲۵ھ) لکھتے ہیں: آپ ﷺ کی قبر شریف روئے زمین میں سب سے افضل ہے اور اللہ تعالیٰ کے نزدیک آپ ﷺ تمام مخلوقات میں سب سے افضل اوراکرم ہیں۔ کیونکہ آپ ﷺ تمام مخلوقات میں سب سے افضل ہیں لہٰذا وہ مٹی بھی تمام مٹی سے افضل ہوئی“۔(منہج السلف فی فہم النصوص بین النظریۃ والتطبیق: ص ۶۴)

المسجد، رزقنا الله وإياكم ذلك آمين[١]

راي الإمام شيخ الإسلام الفيروز آبادي:

قال الإمام شيخ الإسلام مجد الدين محمد بن يعقوب الفيروز آبادي: «لا تشد الرحال إلا إلى ثلاثة مساجد» فلا دلالة فيه على النهي عن الزيارة، بل هو حجة في ذلك، ومن جعله دليلاً على حُرمة الزيارة، فقد أعظم الجراءة على الله ورسوله، وفيه برهان قاطع على غباوة قائله، وقصوره عن نيل درجة كيفية الاستنباط والاستدلال، والحديث فيه دليلٌ على استحباب الزيارة من وجهين:

الوجه الأول: أن موضع قبره ﷺ أفضل بقاع الأرض، وهو ﷺ أفضل الخلق وأكرمهم على الله، لأنه لم يقسم بحياة أحدٍ غيره، وأخذ الميثاق من الأنبياء بالإيمان به وبنصره كما في قوله تعالى: ﴿وَإِذْ أَخَذَ اللَّهُ مِيثَاقَ النَّبِيِّينَ لَمَا آتَيْتُكُم مِّن كِتَابٍ وَحِكْمَةٍ ثُمَّ جَاءَكُمْ رَسُولٌ مُّصَدِّقٌ لِّمَا مَعَكُمْ لَتُؤْمِنُنَّ بِهِ وَلَتَنصُرُنَّهُ﴾ [آل عمران: ٨١] الآية، وشرفه بفضله على سائر المرسلين، وكرمه بأن ختم به النبيين، ورفع درجته في عليين، فإذا تقرر أنه أفضل المخلوقين وأن تربته أفضل بقاع الأرض استحب شدّ الرحال إليه وإلى تُربته بطريق الأولى.

الوجه الثاني: أنه يُستحب شد الرحال إلى مسجد المدينة ولا يتصور من المؤمنين الخالصين انفكاك قصده عنه ﷺ، وكيف يتصور أن المؤمن المعظم قدر النبي ﷺ يدخل مسجده ويشاهد حجرته ويتحقق أنه يسمع كلامه، ثم بعد ذلك يسعه أن لا يقصد الحجرة والقبر ويسلم على رسول الله ﷺ؟! هذا ما لا خفاء به عند أحد، وكذلك لو قصد زيارة قبره لم ينفك قصده عن المسجد[٢].

ومن الدليل الأحاديث الكثيرة الصحيحة في فضل زيارة الإخوان في الله، فزيارة النبي ﷺ أولى وأولى.

ومنها: أن حرمته ﷺ واجبة حيًا وميتًا، ولا شك أن الهجرة إليه كانت في حياته من أهم الأشياء فكذلك بعد موته.

ومنها: الأحاديث الدالة على استحباب زيارة القبور، وهذا في حق الرجال

(١) سير أعلام النبلاء ٤/ ٤٨٣ ـ ٤٨٥.
(٢) هذا الفهم السديد في الجمع والتقريب بين الأقوال ذكره العلامة الشيخ عطية محمد سالم المدني في تكملة أضواء البيان فكان موفقًا وسيأتي بيانه.

اجماع کی حجیت کے بارے میں امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ صحیح بخاری میں پورا باب نقل کرتے ہوئے فرماتے ہیں: ”بَابُ مَا ذَكَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَحَضَّ عَلَى اتِّفَاقِ أَهْلِ العِلْمِ، وَمَا أَجْمَعَ عَلَيْهِ الحَرَمَانِ مَكَّةُ، وَالمَدِينَةُ، وَمَا كَانَ بِهَا مِنْ مَشَاهِدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالمُهَاجِرِينَ، وَالأَنْصَارِ، وَمُصَلَّى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالمِنْبَرِ وَالقَبْرِ“۔ ”باب: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے عالموں کے اتفاق کرنے کا جو ذکر فرمایا ہے اس کی ترغیب دی ہے اور مکہ اور مدینہ کے عالموں کے اجماع کا بیان، اور مدینہ میں جو آنحضرت ﷺ اور مہاجرین انصار کے متبرک مقامات ہیں اور آنحضرت ﷺ کے نماز گاہ اور منبر اور قبر کا بیان“۔ (صحیح البخاری: کتاب الاعتصام بالکتاب والسنۃ، ج۹، ص۱۰۱)

ديوان الحديث النبوي

(١)

صحيح البخاري

وهو: الجامع المسند الصحيح

المختصر من أمور رسول الله ﷺ وسننه وأيامه

للإمام أبي عبد الله محمد بن إسماعيل بن إبراهيم بن المغيرة الجعفي البخاري

المتوفى سنة ٢٥٦ هجرية

طبعة مراجعة على عدة أصول خطية

المجلد التاسع

مركز البحوث وتقنية المعلومات

دار التأصيل

كتاب الاعتصام بالكتاب والسنة ٢٧٩

١٥- بَابُ إِثْمِ مَنْ دَعَا إِلَى ضَلَالَةٍ أَوْ سَنَّ سُنَّةً سَيِّئَةً

لِقَوْلِ اللهِ تَعَالَى: ﴿وَمِنْ أَوْزَارِ الَّذِينَ يُضِلُّونَهُم﴾[1] الْآيَةَ[2]

• [٧٣١٦] حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مُرَّةَ، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ ﷺ: «لَيْسَ مِنْ نَفْسٍ تُقْتَلُ ظُلْمًا إِلَّا كَانَ عَلَى ابْنِ آدَمَ الْأَوَّلِ كِفْلٌ[3] مِنْهَا - وَرُبَّمَا قَالَ سُفْيَانُ: مِنْ دَمِهَا، لِأَنَّهُ أَوَّلُ مَنْ[4] سَنَّ الْقَتْلَ أَوَّلًا».

١٦- بَابُ مَا ذَكَرَ النَّبِيُّ ﷺ وَحَضَّ عَلَى اتِّفَاقِ أَهْلِ الْعِلْمِ، وَمَا أَجْمَعَ[5] عَلَيْهِ الْحَرَمَانِ مَكَّةُ وَالْمَدِينَةُ، وَمَا كَانَ بِهَا[6] مِنْ مَشَاهِدِ النَّبِيِّ ﷺ وَالْمُهَاجِرِينَ وَالْأَنْصَارِ، وَمُصَلَّى النَّبِيِّ ﷺ وَالْمِنْبَرِ وَالْقَبْرِ

• [٧٣١٧] حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ حَدَّثَنِي مَالِكٌ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ السَّلَمِيِّ[7] أَنَّ أَعْرَابِيًّا بَايَعَ رَسُولَ اللهِ ﷺ عَلَى الْإِسْلَامِ، فَأَصَابَ

(١) [النحل: ٢٥]. بعده لأبي ذر وعليه صح: «﴿بِغَيْرِ عِلْمٍ﴾».
(٢) ليس عند أبي ذر، وعليه صح.
(٣) كفل: حظ ونصيب. (انظر: النهاية في غريب الحديث، مادة: كفل).
(٤) قوله: «أول من» عليه صح، وليس عند أبي ذر. ووقعت العبارة على حاشية البقاعي: «لأنه سن القتل أولا» ونسبه لنسخة وعليه صح.
• [٧٣١٦] [التحفة: خ م ت س ق ٩٥٦٨]
(٥) لأبي ذر عن الكشميهني: «اجتمع».
(٦) لأبي ذر عن الحموي، والمستملي: «بهما».
(٧) عليه صح. «السلمي» كذا ضبطه بفتح المهملة واللام القسطلاني وابن حجر وصاحب التذهيب، ووقع في بعض الفروع التي بيدنا تبعًا لليونينية ضبط اللام بالفتح والكسر. اهـ مصححه.

حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ فتح الباری میں عالموں کے اجماع کے باب میں لکھتے ہیں: "وَقَالَ مَالِكٌ إِجْمَاعُ أَهْلِ الْمَدِينَةِ حُجَّةٌ قَالَ وَعِبَارَةُ الْبُخَارِيِّ مُشْعِرَةٌ بِأَنَّ اتِّفَاقَ أَهْلِ الْحَرَمَيْنِ كِلَيْهِمَا إِجْمَاعٌ قُلْتُ لَعَلَّهُ أَرَادَ التَّرْجِيحَ بِهِ لَا دَعْوَى الْإِجْمَاعِ"۔ "امام مالکؒ نے اہل مدینہ کا اجماع بھی حجت قرار دیا ہے۔ امام بخاریؒ کے کلام سے یہ نکلتا ہے کہ اہل مکہ اور اہل مدینہ دونوں کا اجماع بھی حجت ہے، امام بخاریؒ کا یہ مطلب نہیں ہے کہ اہل مدینہ اور اہل مکہ کا اجماع حجت ہے بلکہ ان کا مطلب یہ ہے کہ اختلاف کے وقت اس جانب کو ترجیح ہو گی جس پر اہل مکہ اور مدینہ اتفاق کریں"۔ (فتح الباری شرح صحیح البخاری: کتاب الاعتصام بالکتاب والسنة، قَوْلُهُ بَابُ مَا ذَكَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَحَضَّ، ج ١٢، ص ٣٠٦)

بشرح صحيح الإمام أبي عبد الله محمد بن إسماعيل البخاري

للإمام الحافظ

العسقلاني

٧٧٣ - ٨٥٢

الجزء الثالث عشر

رقم كتبه وأبوابه وأحاديثه
واستقصى أطرافه ونبه على أرقامها في كل حديث

محمد فؤاد عبد الباقي

المكتبة السلفية

٣٠٦ — ٩٦ - كتاب الاعتصام بالكتاب والسنة

أن النبي ﷺ قال: «ولأهل اليمن يلملم»، وذُكر العراق فقال: لم يكن عراقٌ يومئذ».

٧٣٤٥ — حدثنا عبد الرحمن بن المبارك حدثنا الفضيل حدثنا موسى بن عقبة حدثني سالم بن عبد الله عن أبيه عن النبي ﷺ «أنه أُرِيَ وهو في مُعرَّسه بذي الحليفة فقيل له: إنك ببطحاء مباركة».

قوله (باب ما ذكر النبي ﷺ وحض) بمهملة وضاد معجمة ثقيلة، أي حرض بالمهملة وتشديد الراء، وقوله «على اتفاق أهل العلم» قال الكرماني في بعض الروايات «وما حض عليه من اتفاق» وهو من باب تنازع العاملين وهما ذكر وحض. قوله (وما اجتمع عليه الحرمان مكة والمدينة، وما كان بهما من مشاهد النبي ﷺ والمهاجرين والأنصار) في رواية الكشميهني «وما أجمع» بهمزة قطع بغير تاء «وعليه» وما كان بها، بالإفراد والأول أولى. قال الكرماني: الإجماع هو اتفاق أهل الحل والعقد، أي المجتهدين من أمة محمد على أمر من الأمور الدينية، واتفاق مجتهدي الحرمين دون غيرهم ليس بإجماع عند الجمهور، وقال مالك: إجماع أهل المدينة حجة، قال وعبارة البخاري مشعرة بأن اتفاق أهل الحرمين كليهما إجماع. قلت: لعله أراد الترجيح به لا دعوى الإجماع، وإذا قال بحجية إجماع أهل المدينة وحدها مالك ومن تبعه فهم قائلون به إذا وافقهم أهل مكة بطريق الأولى، وقد نقل ابن التين عن سحنون اعتبار إجماع أهل مكة مع أهل المدينة، قال حتى لو اتفقوا كلهم وخالفهم ابن عباس في شيء لم يعد إجماعا، وهو مبني على أن ندرة المخالف تؤثر في ثبوت الإجماع. قوله (ومصلى النبي ﷺ والمنبر والقبر) هذه الثلاثة مجرورة عطفا على قوله مشاهد، ثم ذكر فيه أربعة وعشرين حديثا. الحديث الأول: حديث جابر: قوله (إسماعيل) هو ابن أبي أويس. قوله (السلمي) بفتح المهملة واللام. قوله (أن أعرابيا) تقدم القول في اسمه وفي أي شيء استقاله منه، وبسط شرحه في أواخر الحج في فضل المدينة، وكذا قوله «كالكير» مع سائر شرحه ولله الحمد. قال ابن بطال: عن المهلب فيه تفضيل المدينة على غيرها بما خصها الله به من أنها تنفي الخبث، ورتب على ذلك القول بحجية إجماع أهل المدينة، وتعقب بقول ابن عبد البر أن الحديث دال على فضل المدينة، ولكن ليس الوصف المذكور عاما لها في جميع الأزمنة، بل هو خاص بزمن النبي ﷺ لأنه لم يكن يخرج منها رغبة عن الإقامة معه إلا من لا خير فيه، وقال عياض نحوه، وأيده بحديث أبي هريرة الذي أخرجه مسلم «لا تقوم الساعة حتى تنفي المدينة شرارها، كما ينفي الكير خبث الحديد» قال: والنار إنما تخرج الخبث والرديء، وقد خرج من المدينة بعد النبي ﷺ جماعة من خيار الصحابة، وقطنوا غيرها وماتوا خارجا عنها، كابن مسعود وأبي موسى وعلي وأبي ذر وعمار وحذيفة وعبادة بن الصامت وأبي عبيدة ومعاذ وأبي الدرداء وغيرهم، فدل على أن ذلك خاص بزمنه ﷺ بالقيد المذكور، ثم يقع تمام إخراج الرديء منها في زمن محاصرة الدجال، كما تقدم بيان ذلك واضحا في أواخر كتاب الفتن، وفيه «فلا يبقى منافق ولا منافقة إلا خرج إليه، فذلك يوم الخلاص». الحديث الثاني حديث ابن عباس «كنت أقرئ عبد الرحمن بن عوف» الحديث في خطبة عمر التي تقدم بطولها مشروحا في باب رجم الحبلى من الحدود، وذكر هنا منه طرفا، والغرض منه هنا ما يتعلق بوصف المدينة بدار الهجرة ودار السنة ومأوى المهاجرين والأنصار. وقوله فيه «فلما كان آخر حجة حجها عمر فقال عبد الرحمن» جواب لما محذوف، وقد تقدم بيانه وهو «فلما رجع عبد الرحمن من عند عمر لقيني فقال». وقوله فيه «قال ابن عباس» هو موصول بالسند

انجنیئر علی مرزا صاحب اوران کے حواریوں سے گزارش ہے کہ مندرجہ بالا حوالاجات کو غور سے پڑھ کر اس اجماع کی مخالفت کرنے کی ہمیت کریں، کیونکہ اس اجماع میں امت مسلمہ کے ہر طبقے کے ائمہ دین موجود ہیں، خاص طور پر مالکی، شافعی اور حنبلی ائمہ کرام کی کثیر تعداد موجود ہے اور ساتھ میں غیر مقلد عالم امام شوکانیؒ اور سعودی عرب کے موجودہ دور کے نامور مفتیان کرام بھی موجود ہیں۔ کہیں ایسا نہ ہو کہ یہ اجماع بھی آپ کو حنفی دیوبندی اجماع اور حنفی بریلوی اجماع کی طرح بے بنیاد لگے جن پر آپ نے تبصرہ کرتے ہوئے کافی جھوٹ بولے ہیں۔

آج انجنیئر صاحب اوران جیسے تمام غیر مقلدین حضرات قرآن کے بعد بخاری کو صحیح ترین کتاب کا درجہ دیتے ہیں، آخیر کیوں؟ آپ نے یہ درجہ صحیح مسلم، ترمذی، ابوداؤد، ابن ماجہ یا نسائی شریف کو کیوں نہیں دیا؟ اسی لئے نا کہ پوری امت مسلمہ نے مل کر بخاری کو یہ درجہ دیا ہے، اور حافظ ابن صلاحؒ نے اس پر پوری امت کا اجماع نقل کیا ہے، جس کو تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے علماء نے قبول کیا ہے۔ جب حافظ ابن صلاحؒ بخاری کے اصح الکتب بعد کتاب اللہ ہونے پر اجماع کا دعویٰ کریں تو آپ نے فوراً قبول کر لیا اور اب بغیر اسناد کی تحقیق کیئے صرف بخاری کا نام لے کر احادیث بیان کیئے جاتے ہو اور عوام بھی بخاری کا نام سنتے ہی آنکھیں بند کر کے احادیث قبول کر لیتی ہے، آخر کیوں؟ جس طرح آپ کو بخاری پر ہونے والا اجماع قبول ہے جسے صرف حافظ ابن صلاحؒ نے بیان کیا تو اب اس اجماع کو بھی قبول کریں جس کو ہر دور میں ہر طبقہ کے ائمہ کرام نے بیان کیا ہے۔

اس کے بعد بھی آپ نزدیک یہ اجماع معتبر نہیں تو پھر اب یہ کہنے کی جرئت کریں کہ چونکہ تمام محدثین ومفسرین کا بھی یہی عقیدہ تھا اس لیے یہ سب بھی گمراہ تھے۔ جب علماءِ دیوبند کی بات ہوتی ہے تو آپ فوراً فتوے صادر کرنا شروع کر دیتے ہیں اور جب محدثین ومفسرین کی بات آتی ہے تو آواز حلق میں اٹک جاتی ہے۔ ان سب محدثین کے بارے میں تو آپ منہ میں گھنگھنیاں ڈالے بیٹھے ہو اور علماءِ دیوبند کے خلاف اسی عقیدہ پر گمراہ اور بدعتی ہونے کے فتوے صادر کرتے ہو۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ انجنیئر علی مرزا اوران جیسے لوگ یہ اچھی طرح جانتے ہیں کہ اگر انہوں نے ان محدثین ومفسرین کے بارے میں لب کشائی کی تو ان کی چُورن پھکی کی دکانیں بند ہو جائیں گی لیکن انہیں اس بات کا بھی ڈر ہے کہ اگر علماءِ دیوبند کے جلیل القدر علماء ومحققین کے خلاف انہوں نے عام اور لاعلم مسلمانوں کو نہ بہکایا اوران سے بدگمان نہ کیا، تو بھی ان کی چُورن پھکی کی دکانیں نہیں چلنے والی۔ لہٰذا انجنیئر صاحب نے ایک ایسے مسئلے کو بنیاد بنانے کی کوشش کی جو کہ عقلاً نہایت حساس اور پیچیدہ ہونے کے ساتھ ساتھ لاعلم مسلمانوں کے لئے بظاہر ایمان وکفر کا عقیدہ معلوم ہوتا ہے۔

ہم انجنیئر صاحب اور ان کے حواریوں سے گزارش کرتے ہیں کہ پہلے ان محدثین ومفسرین پر فتویٰ لگائیں جنہوں نے سب سے پہلے یہ مسئلہ اپنی کتابوں میں لکھا پھر ان پر جنہوں نے اس کی تائید وتوثیق فرمائی اور ساتھ میں اجماع بھی نقل کیا۔ اس کے بعد مفتی طارق مسعود صاحب دامت برکاتہم اور علماءِ دیوبند کے خلاف زبان کھولنے کی جرئت کریئے گا۔ اب ہم دیکھتے ہیں کہ آپ کتنا حق بیان کرنے والے ہو یا پھر اپنی چُورن پھکی کی دکان چمکانے والے ہو۔

چلیں اب انجنیئر صاحب یہ بھی بتا دیں کہ یہ عقیدہ رکھنا کفر ہے؟ یا فسق؟ یا صرف ناجائز ہے؟ جو بھی فتویٰ دیں ساتھ میں قرآن وحدیث سے اس کی دلیل بھی پیش کر دیں۔ اور یہ یاد رکھیں کہ مولانا خلیل احمد سہارنپوریؒ نے اپنی کتاب میں جو لکھا ہے وہی عقیدہ محدثین ومفسرین نے بھی اپنی کتابوں میں لکھا ہے، اس لیے جو فتویٰ آپ علماءِ دیوبند پر لگائیں گے وہی فتویٰ علامہ ابن عبد البرؒ، قاضی عیاضؒ، ابن عقیلؒ، ابن القیمؒ، امام ابن عساکرؒ، ابن حجر ہیثمیؒ، امام سبکیؒ، شارح مسلم علامہ نوویؒ، جلال الدین سیوطیؒ، امام شوکانیؒ، اوران جیسے دیگر جلیل القدر ائمہ دین پر بھی لگے گا۔

اشکال نمبر ا: ممکن ہے انجنیئر صاحب لاجواب ہو کر یہ پوچھ بیٹھیں کہ، اس مسئلے کی شرعی دلیل کیا ہے؟

پھر ہم انہیں بتائیں گے کہ دین اسلام میں دلیل شرعی کی چار اقسام ہیں، قرآن، حدیث، اجماع اور قیاس۔ شاید آپ کو یہ بھی معلوم نہ ہو۔

جیسا کہ ہم سب اس بات پر متفق ہیں کہ اجماع خود ایک مستقل دلیل شرعی ہے اور اجماع کا دعویٰ ہر طبقہ کے تقریباً تمام ائمہ دین نے کیا ہے اور تمام مکاتب فکر (یعنی حنفی، شافعی، مالکی اور حنبلی) علماء نے اسے قبول بھی کیا ہے اور کسی نے بھی اس پر اعتراض یا اختلاف نہیں کیا بلکہ سب نے ان کی تائید کرتے ہوئے اسے اپنی اپنی کتابوں میں بیان کیا اور اس کے صحیح ہونے کا اقرار کیا ہے۔ لہٰذا تمام ائمہ کرام کا اس مسئلے پر متفق ہونا اجماع کی دلیل ہے اور اجماع ایک مستقل دلیل شرعی ہے۔

اگر اکیلے ابن صلاحؒ کا بخاری کے بارے میں اجماع کا دعویٰ قبول ہو سکتا ہے تو ان تمام نے کیا قصور کیا ہے؟ لہٰذا اس مسئلے پر اجماع ثابت ہے۔ اور قیاس یعنی عقل بھی اس پر دلالت کرتی ہے کیوں کہ زمین کا وہ حصہ رسول اللہ ﷺ کے جسدِ اطہر سے مس ہے جبکہ عرش، کعبہ اور کرسی اللہ تعالی سے مس نہیں۔

اشکال نمبر ۲: اب انجنیئر صاحب اوران کے حواریوں کے کمزور ذہن میں یہ اشکال بھی آسکتا ہے کہ کفن بھی تو دیا گیا تھا لہٰذا کفن مٹی سے مس ہے، آپ ﷺ کا جسدِ اطہر نہیں۔

اس کا جواب یہ ہے کہ لباس کو عموماً وعقلاً انسان کے تابع مانا جاتا ہے۔ اگر میں یہ کہوں کہ میرے جسم پر ہوا لگ رہی ہے تو آپ میں سے کتنے عاقل یہ فرض کریں گے کہ میں برہنہ کھڑا ہوں؟ لباس سمیت ہی ہوا لگنا مانیں گے نا؟ تو لباس تابع ہوتا ہے۔ اس لیے کفن سے مس مٹی کو جسم سے مس مٹی ہی کہا جاتا ہے۔ اسی طرح کسی کو قتل کر دیا جائے اور وہ مٹی میں گرا ہو تو یہی کہا جاتا ہے کہ "مٹی میں پڑا ہے"۔ یہ نہیں کہا جاتا کہ "لباس میں پڑا ہے اور لباس مٹی میں ہے"۔

اشکال نمبر ۳: انجنیئر صاحب یہ اعتراض بھی کرتے ہیں کہ: ”ایک جانب کعبہ، عرش و کرسی کی فضیلت پر ڈھیروں آیات واحادیث ہیں اور دوسری جانب فقط یہ کہ فلاں نے یہ کہا اور فلاں نے یہ کہا“۔

انجنیئر صاحب قرآن کی جن آیات سے ثابت کرنے کی کوشش کرتے ہیں کہ عرش، کعبہ اور کرسی کی "افضلیت" ان آیات میں صراحتاً مذکور ہے۔ اس کے جواب میں ہم کہتے ہیں کہ ان آیات میں جن الفاظ سے آپ نے فضیلت کا استدلال کیا ہے وہ بھی قیاسی ہے۔ میں ایک ایک لفظ پر آیات پیش کرتا ہوں، تو پھر کیا یہ چیزیں بھی فضیلت والی ہیں؟

جہاں قرآن مجید میں عرش کے ساتھ لفظ ”عظیم“ آیا ہے وہیں دوسرے مقامات پر بھی لفظ ”عظیم“ آیا ہے تو کیا یہ تمام چیزیں بھی افضل ہو گئیں؟

۱۔ ”خَتَمَ اللَّهُ عَلَى قُلُوبِهِمْ وَعَلَى سَمْعِهِمْ وَعَلَى أَبْصَارِهِمْ غِشَاوَةٌ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيمٌ“۔[سورۃ البقرۃ:۷]

۲۔ ”وَإِذْ نَجَّيْنَاكُمْ مِنْ آلِ فِرْعَوْنَ يَسُومُونَكُمْ سُوءَ الْعَذَابِ يُذَبِّحُونَ أَبْنَاءَكُمْ وَيَسْتَحْيُونَ نِسَاءَكُمْ وَفِي ذَلِكُمْ بَلَاءٌ مِنْ رَبِّكُمْ عَظِيمٌ“۔[سورۃ البقرۃ:۴۹]

۳۔ ”وَاللَّهُ يُرِيدُ أَنْ يَتُوبَ عَلَيْكُمْ وَيُرِيدُ الَّذِينَ يَتَّبِعُونَ الشَّهَوَاتِ أَنْ تَمِيلُوا مَيْلًا عَظِيمًا“۔[سورۃ النساء:۲۷]

۴۔ ”إِنَّ اللَّهَ لَا يَغْفِرُ أَنْ يُشْرَكَ بِهِ وَيَغْفِرُ مَا دُونَ ذَلِكَ لِمَنْ يَشَاءُ وَمَنْ يُشْرِكْ بِاللَّهِ فَقَدِ افْتَرَى إِثْمًا عَظِيمًا“۔[سورۃ النساء:۴۸]

۵۔ ”وَبِكُفْرِهِمْ وَقَوْلِهِمْ عَلَى مَرْيَمَ بُهْتَانًا عَظِيمًا“۔[سورۃ النساء:۱۵۶]

۶۔ ”قَالَ أَلْقُوا فَلَمَّا أَلْقَوْا سَحَرُوا أَعْيُنَ النَّاسِ وَاسْتَرْهَبُوهُمْ وَجَاءُوا بِسِحْرٍ عَظِيمٍ“۔[سورۃ الاعراف:۱۱۶]

۷۔”أَلَمْ يَعْلَمُوا أَنَّهُ مَنْ يُحَادِدِ اللَّهَ وَرَسُولَهُ فَأَنَّ لَهُ نَارَ جَهَنَّمَ خَالِدًا فِيهَا ذَلِكَ الْخِزْيُ الْعَظِيمُ“۔[سورۃالتوبۃ:۶۳]

۸۔”أَفَأَصْفَاكُمْ رَبُّكُمْ بِالْبَنِينَ وَاتَّخَذَ مِنَ الْمَلَائِكَةِ إِنَاثًا إِنَّكُمْ لَتَقُولُونَ قَوْلًا عَظِيمًا“۔[سورۃالإسراء:۴۰]

کیا انجنیئر صاحب کے نزدیک عذاب، بلاء، میلان، گناہ، بہتان، جادو، رسوائی، اللہ کے لیے بیٹیوں کا قول اور ان کے علاوہ بے شمار آیات میں موجود چیزیں بھی فضیلت والی ہیں؟ ان کے لیے بھی تو عظیم کا لفظ استعمال ہوا ہے۔

۱۔”فَلَمَّا سَمِعَتْ بِمَكْرِهِنَّ أَرْسَلَتْ إِلَيْهِنَّ وَأَعْتَدَتْ لَهُنَّ مُتَّكَأً وَآتَتْ كُلَّ وَاحِدَةٍ مِنْهُنَّ سِكِّينًا وَقَالَتِ اخْرُجْ عَلَيْهِنَّ فَلَمَّا رَأَيْنَهُ أَكْبَرْنَهُ وَقَطَّعْنَ أَيْدِيَهُنَّ وَقُلْنَ حَاشَ لِلَّهِ مَا هَذَا بَشَرًا إِنْ هَذَا إِلَّا مَلَكٌ كَرِيمٌ“۔[سورۃیوسف:۳۱]

۲۔”وَقَضَى رَبُّكَ أَلَّا تَعْبُدُوا إِلَّا إِيَّاهُ وَبِالْوَالِدَيْنِ إِحْسَانًا إِمَّا يَبْلُغَنَّ عِنْدَكَ الْكِبَرَ أَحَدُهُمَا أَوْ كِلَاهُمَا فَلَا تَقُلْ لَهُمَا أُفٍّ وَلَا تَنْهَرْهُمَا وَقُلْ لَهُمَا قَوْلًا كَرِيمًا“۔[سورۃالإسراء:۲۳]

۳۔”أَوَلَمْ يَرَوْا إِلَى الْأَرْضِ كَمْ أَنْبَتْنَا فِيهَا مِنْ كُلِّ زَوْجٍ كَرِيمٍ“۔[سورۃالشعراء:۷]

۴۔”قَالَتْ يَاأَيُّهَا الْمَلَأُ إِنِّي أُلْقِيَ إِلَيَّ كِتَابٌ كَرِيمٌ وَزُرُوعٍ وَمَقَامٍ كَرِيمٍ“۔[سورۃالدرخان:۷]

اسی طرح زمین سے اگنے والے توری ٹنڈے، حضرت سلیمانؑ کا خط اور فرعونیوں کی رہائش گاہیں بھی عرش کی طرح فضیلت والی ہیں؟

۱۔”الشَّهْرُ الْحَرَامُ بِالشَّهْرِ الْحَرَامِ وَالْحُرُمَاتُ قِصَاصٌ“۔[سورۃالبقرۃ:۱۹۴]

۲۔”حُرِّمَتْ عَلَيْكُمْ أُمَّهَاتُكُمْ وَبَنَاتُكُمْ وَأَخَوَاتُكُمْ وَعَمَّاتُكُمْ“۔[سورۃالنساء:۲۳]

۳۔”يَاأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا أَوْفُوا بِالْعُقُودِ أُحِلَّتْ لَكُمْ بَهِيمَةُ الْأَنْعَامِ إِلَّا مَا يُتْلَى عَلَيْكُمْ غَيْرَ مُحِلِّي الصَّيْدِ وَأَنْتُمْ حُرُمٌ“۔[سورۃ المائدۃ:۱]

۴۔”وَعَلَى الَّذِينَ هَادُوا حَرَّمْنَا كُلَّ ذِي ظُفُرٍ وَمِنَ الْبَقَرِ وَالْغَنَمِ حَرَّمْنَا عَلَيْهِمْ شُحُومَهُمَا“۔[سورۃالانعام:۱۴۶]

۵۔”فَإِذَا انْسَلَخَ الْأَشْهُرُ الْحُرُمُ فَاقْتُلُوا الْمُشْرِكِينَ حَيْثُ وَجَدْتُمُوهُمْ“۔[سورۃالتوبۃ:۵]

۶۔”إِنَّ عِدَّةَ الشُّهُورِ عِنْدَ اللَّهِ اثْنَا عَشَرَ شَهْرًا فِي كِتَابِ اللَّهِ يَوْمَ خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ مِنْهَا أَرْبَعَةٌ حُرُمٌ“۔[سورۃ التوبۃ:۳۶]

۷۔”أَوَلَمْ يَرَوْا أَنَّا جَعَلْنَا حَرَمًا آمِنًا وَيُتَخَطَّفُ النَّاسُ مِنْ حَوْلِهِمْ“۔[سورۃالعنکبوت:۶۷]

یہ قصاص، رجب کا مہینہ، حرمت والے مہینے، مائیں بہنیں، حتیٰ کہ ہم خود حالت احرام میں۔ سب کے لیے حرم کے مادے کا اطلاق ہوا ہے۔ تو کیا یہ سب بھی کعبہ، عرش و کرسی کے برابر ہیں؟

انجنیئر صاحب پہلے جاکر کسی حنفی مدرسے علم دین حاصل کیجئے یا پھر پلمبری میں اپنی صلاحیتوں کو صرف کیجئے، یہ دین اتنا سستا نہیں کہ ہر انجنیئر پلمبر اُٹھ کر اپنے مطلب کا دین پیش کرے اور ہم خاموشی سے تماشہ دیکھتے رہیں۔ علماءِ دیوبند سے بغض آپ کو کہاں لے جا رہا ہے؟ انی تؤفکون؟

ہمارے نزدیک یقیناً عرش فضیلت والا ہے، کرسی اور کعبہ بھی فضیلت والے ہیں لیکن اگر آپ ان الفاظ سے ان کی افضلیت ثابت کرنے پر بضد ہیں تو پھر انہی الفاظ کا اطلاق دوسری چیزوں پر بھی ہوا ہے۔ پھر ان کی فضیلت اور افضلیت بھی قبول کریں۔ قبر رسول اللہ ﷺ کی مٹی کی بات تو بعد کی ہے، آپ کے استدلال سے تو پہلے یہ عام چیزیں ہی فضیلت پا جاتی ہیں۔

ساتھ ہی آپ عقل سے ثابت کر رہے ہیں، اسی کو قیاس کہتے ہیں۔ اس کے مقابلے میں میں آپ کو اجماع دکھا رہا ہوں۔ اور اجماع قیاس سے اوّل ہوتا ہے، شاید آپ کو یہ بھی معلوم نہیں۔

اشکال نمبر ۴: انجنیئر صاحب یہاں یہ اعتراض بھی کرسکتے ہیں کہ کیا یہ اجماع ہے یا فقط دعویٰ اجماع ہے؟

ہم یہ پہلے ہی ثابت کر چکے ہیں کہ یہ صرف حنفی دیوبندی یا حنفی بریلوی اجماع نہیں ہے جسے انجنیئر صاحب بآسانی نظر انداز کر لیں گے کیونکہ اس اجماع کے دعویدار صرف حنفی، مالکی، شافعی، حنبلی ائمہ دین ہی نہیں بلکہ غیر مقلد عالم امام شوکانیؒ اور وحید الزمان صدیقی صاحب بھی ان میں شامل ہیں اور امت مسلمہ کی ۱۰۰۰ سالہ تاریخ میں سوائے ابن تیمیہؒ کے کسی اور سے اس اجماع کی مخالفت ثابت نہیں۔ اجماع کے اس دعوے کو علماءِ امت نے قبول بھی کیا ہے اور اجماع قرار دیا ہے۔ انہوں نے اسے یہ نہیں کہا کہ یہ زور بیان میں اجماع قرار دیا گیا ہے، نہ ہی انہوں نے اس کا انکار کیا ہے۔

پھر سوال وہیں آجاتا ہے کہ جب ابن صلاحؒ بخاری کے "اصح الکتب بعد کتاب اللہ" ہونے پر اجماع کا دعویٰ کرتے ہیں جب کہ ان سے پہلے کسی ایک شخص سے بھی یہ اجماع بلکہ دعوائے اجماع بھی ثابت نہیں ہوتا تو اہل حدیث و دیگر حضرات کو یہ ابن صلاحؒ کا دعویٰ قبول کیوں ہوتا ہے؟ وہاں وہ یہ مین میخیں کیوں نہیں نکالتے؟

آخر وہاں اس دعویٰ کو قبول کیوں کر لیا جاتا ہے۔ حالانکہ اس اجماع کے دعویٰ سے پہلے ایسے علماء نظر آتے ہیں جو مسلم کو بخاری پر ترجیح دیتے ہیں۔ یہاں ایسا کوئی عالم نظر نہیں آتا جو اس کے خلاف کہے اور ایک بڑا عالم اس پر اجماع کا دعویٰ کرتا ہے۔ اس کے بعد ہر طبقہ کے تمام علماء اس کو قبول کرتے چلے جاتے ہیں پھر بھی یہ انجنیئر صاحب کو قبول نہیں۔

شیخ الاسلام علامہ ابن تیمیہؒ (المتوفی: ۷۲۸ھ) کا مؤقف:

شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ لکھتے ہیں: "أَمَّا نَفْسُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَا خَلَقَ اللّٰهُ خَلْقًا أَكْرَمَ عَلَيْهِ مِنْهُ۔ وَأَمَّا نَفْسُ التُّرَابِ فَلَيْسَ هُوَ أَفْضَلَ مِنَ الْكَعْبَةِ البيت الْحَرَامِ بَلْ الْكَعْبَةُ أَفْضَلُ مِنْهُ وَلَا يُعْرَفُ أَحَدٌ مِنَ الْعُلَمَاءِ فَضَّلَ تُرَابَ الْقَبْرِ عَلَى الْكَعْبَةِ إِلَّا الْقَاضِي عِيَاضٌ وَلَمْ يَسْبِقْهُ أَحَدٌ إِلَيْهِ وَلَا وَافَقَهُ أَحَدٌ عَلَيْهِ۔ وَاللّٰهُ أَعْلَمُ"۔ "محمد ﷺ کی ذات مبارکہ تمام مخلوقات

میں معزز واکرم ہے۔ لیکن آپ ﷺ کے جسد اطہر سے مس مٹی کعبہ اور مسجد الحرام سے افضل نہیں ہے بلکہ کعبہ افضل ہے۔ علماء میں کوئی بھی ایسا نہیں جس نے قبر کی مٹی کو کعبہ سے افضل قرار دیا ہو سوائے قاضی عیاض کے، آپ سے پہلے کسی نے بھی اس بات کو بیان نہیں کیا اور نا ہی کسی نے اس معاملے میں قاضی عیاض کی موافقت کی ہے"۔(مجموع الفتاوی: ج ۲۷، ص ۳۸)

شیخ الاسلام علامہ ابن تیمیہؒ کا مقام و مرتبہ اور دینی خدمات کے ہم سب معترف ہیں، خاص طور پر آپؒ نے شیعوں اور تاتاریوں کے خلاف دین کی بہت خدمت کی ہے۔ لیکن ہم سب اس بات سے بھی اچھی طرح باخبر ہیں کہ ابن تیمیہؒ نے بہت سے اجماعی مسائل میں پوری امت مسلمہ سے اختلاف کیا ہے جس میں تین طلاقوں کا مسئلہ قابل ذکر ہے۔

الجواب: ہم یہ نہیں کہیں گے کہ ابن تیمیہؒ کا موٴقف ۱۰۰ فیصد غلط ہے، کیونکہ انہوں نے اپنے علم کے مطابق بات کی ہے۔ ابن تیمیہؒ کا یہ کہنا کہ قاضی عیاضؒ سے پہلے کسی نے یہ بات بیان نہیں کی اور اس معاملے میں کسی نے ان کی موافقت نہیں کی، ٹھیک نہیں ہے کیونکہ قاضی عیاضؒ سے پہلے ابن عبد البر المالکیؒ اور امام ابن عقیل حنبلی نے بھی بالکل یہی بات بیان کی ہے جن کے حوالے ہم اوپر پیش کرچکے ہیں۔ اور قاضی عیاضؒ بھی کوئی عام سی شخصیت نہیں ہیں کہ کسی ایک شخص نے کہا ہو اور انہوں نے اسے "لاخلاف" کے الفاظ سے بطور اجماع نقل کر دیا ہو اور علماء امت نے بھی اسے اجماع مان لیا ہو۔ ہاں اگر اس مسئلے کے خلاف علماء کے اقوال موجود ہوتے تو ہم یہ کہہ سکتے تھے کہ قاضی عیاضؒ کو اجماع کے دعویٰ میں غلطی ہوئی ہے لیکن ہمیں ایسا کہیں نظر نہیں آتا بلکہ علماء نے ہر دور میں اس مسئلے اور دعویٰ اجماع کو من عن تسلیم کیا ہے۔ لہٰذا یہاں یہ تسلیم کیئے بغیر چارہ ہی نہیں کہ ابن تیمیہؒ سے اس مسئلے کو بیان کرنے میں غلطی ہوئی ہے۔

"وَقَدْ ثَبَتَ فِي الصَّحِيحِ عَنْ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: {أَحَبُّ الْبِقَاعِ إلَى اللَّهِ الْمَسَاجِدُ} فَلَيْسَ فِي الْبِقَاعِ أَفْضَلُ مِنْهَا وَلَيْسَتْ مَسَاكِنُ الْأَنْبِيَاءِ لَا أَحْيَاءً وَلَا أَمْوَاتًا بِأَفْضَلَ مِنْ الْمَسَاجِدِ۔ هَذَا هُوَ الثَّابِتُ بِنَصِّ الرَّسُولِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاتِّفَاقِ عُلَمَاءِ أُمَّتِهِ۔ وَمَا ذَكَرَهُ بَعْضُهُمْ مِنْ أَنَّ قُبُورَ الْأَنْبِيَاءِ وَالصَّالِحِينَ أَفْضَلُ مِنْ الْمَسَاجِدِ وَأَنَّ الدُّعَاءَ عِنْدَهَا أَفْضَلُ مِنْ الدُّعَاءِ فِي الْمَسَاجِدِ حَتَّى فِي الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ وَالْمَسْجِدِ النَّبَوِيِّ۔ فَقَوْلٌ يُعْلَمُ بُطْلَانُهُ بِالِاضْطِرَارِ مِنْ دِينِ الرَّسُولِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَيُعْلَمُ إجْمَاعُ عُلَمَاءِ الْأُمَّةِ عَلَى بُطْلَانِهِ إجْمَاعًا ضَرُورِيًّا كَإِجْمَاعِهِمْ عَلَى أَنَّ الِاعْتِكَافَ فِي الْمَسَاجِدِ أَفْضَلُ مِنْهُ عِنْدَ الْقُبُورِ"۔ "اور صحیح حدیث سے یہ بات ثابت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا "اللہ کو مسجدیں بہت زیادہ محبوب ہیں" تو پھر کوئی اور جگہ مسجد سے افضل نہیں ہو سکتی، اور اس میں انبیاءؑ کی جگہیں بھی شامل ہیں اس وقت بھی جب انبیاءؑ دنیا میں موجود تھی اور اب بھی جب وہ دنیا سے جاچکے ہیں۔ اور یہ بات نص رسول ﷺ سے ثابت ہے اور علماء کے اتفاق سے بھی ثابت ہے۔ جو بعض حضرات نے ذکر کیا ہے کہ انبیاءؑ اور نیک لوگوں کی قبریں مسجدوں سے افضل ہوتی ہیں اور ان کے پاس دعا کرنا مسجدوں میں دعا کرنے سے افضل ہے، یہاں تک کہ مسجد حرام اور مسجد نبوی میں دعا کرنے سے بھی افضل ہے۔ اگر ان کی اس بات کو لے لیا جائے تو اس سے دین میں بگاڑ پیدا ہو جائے گا، اور ان کی اس بات کے باطل ہونے پر تو علماء کا اجماع ہے کہ

مسجدوں میں دعامانگنے سے قبر کے پاس دعامانگنا افضل ہے۔ اسی طرح علماء کا اس بات پر بھی اجماع ہے کہ مسجد میں اعتکاف کرنا قبروں کے پاس اعتکاف کرنے سے افضل ہے"۔(مجموع الفتاوی:ج۲۷،ص۲۶۰)

الجواب: یہاں بھی ابن تیمیہؒ نے اصل مسئلے کے مطابق بات نہیں کی کیونکہ اصل مسئلہ یہ نہیں ہے کہ انبیاءؑ کی قبروں کو مساجد پر افضلیت حاصل ہے یا انبیاءؑ کی قبروں پر اعتکاف کرنا اور دعائیں مانگنا مساجد میں اعتکاف کرنے اور دعائیں مانگنے سے زیادہ افضل ہے۔ کیونکہ قبروں پر اعتکاف کرنے اور دعائیں مانگنے کے عمل کو تو سب ہی غلط سمجھتے ہیں تو پھر اس میں افضلیت والی بات کہاں سے آگئی۔ یہاں بات صرف اس مٹی کی ہے جو رسول اللہ ﷺ کے جسد اطہر سے مس ہے، جس مٹی سے اللہ تبارک وتعالیٰ نے آپ کو تخلیق دیا ہے۔ ہمارے نزدیک جب آپ ﷺ کی ذات مبارکہ تمام مخلوقات سے افضل ہے تو پھر وہ مٹی بھی افضل ہوئی جس سے آپ ﷺ کی تخلیق ہوئی۔

"أَخْبَرَنَا أَبُو النَّضْرِ الْفَقِيهُ، وَأَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَنَزِيُّ، قَالا: ثنا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيدٍ الدَّارِمِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ صَالِحٍ الْوُحَاظِيُّ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنِي أَنَسُ بْنُ أَبِي يَحْيَى مَوْلَى الأَسْلَمِيِّينَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: مَرَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِجِنَازَةٍ عِنْدَ قَبْرٍ فَقَالَ: "قَبْرُ مَنْ هَذَا؟"، فَقَالُوا: فُلانٌ الْحَبَشِيُّ يَا رَسُولَ اللَّهِ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "لا إِلَهَ إِلا اللَّهُ لا إِلَهَ إِلا اللَّهُ سِيقَ مِنْ أَرْضِهِ وَسَمَائِهِ إِلَى تُرْبَتِهِ الَّتِي مِنْهَا خُلِقَ". هَذَا حَدِيثٌ صَحِيحُ الإِسْنَادِ"۔"حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی اکرم ﷺ قبر کے پاس (رکھی ہوئی) ایک میت کے پاس سے گزرے، آپ ﷺ نے پوچھا، یہ کس کی قبر ہے؟ صحابہ رضی اللہ عنہم نے جواب دیا: یارسول اللہ ﷺ! یہ فلاں حبشی کی قبر ہے۔ تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔ اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔ اللہ کی زمین اور آسمان سے اس کو اس مٹی کی طرف بھیج دیا گیا ہے، جس سے اس کو پیدا کیا گیا ہے"۔(المستدرک علی الصحیحین، للحاکم: کتاب الجنائز، ج۱، ص۵۱۶، رقم الحدیث۱۳۵۶)

دوسری بات یہ کہ اگر نص رسول ﷺ سے مساجد کا محبوب ہونا ثابت ہے تو اس طرح تو پھر نص قرآن سے تمام انسانوں کا بہت سی مخلوقات سے افضل ہونا بھی ثابت ہے، نص رسول ﷺ سے نبی کریم ﷺ کا تمام انسانوں سے افضل ہونا بھی ثابت ہے، نص رسول ﷺ سے اللہ تعالیٰ کے نزدیک مومن مسلمان کی حرمت وعظمت کعبہ سے زیادہ ہونا بھی ثابت ہے۔

جیسا کہ قرآن مجید میں ارشاد باری تعالیٰ ہے:"وَلَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِيْٓ اٰدَمَ وَحَمَلْنٰهُمْ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَرَزَقْنٰهُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ وَفَضَّلْنٰهُمْ عَلٰي كَثِيْرٍ مِّمَّنْ خَلَقْنَا تَفْضِيْلًا"۔"اور ہم نے بنی آدم کو عزت بخشی اور ان کو جنگل اور دریا میں سواری دی اور پاکیزہ روزی عطا کی اور اپنی بہت سی مخلوقات (بڑی مخلوق) پر فضیلت دی"۔[سورۃ الاسرا:۷۰]

"حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عُمَرَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ ابْنِ جُدْعَانَ، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ، قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صلى الله عليه وسلم "أَنَا سَيِّدُ وَلَدِ آدَمَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَلاَ فَخْرَ وَبِيَدِي لِوَاءُ الْحَمْدِ وَلاَ فَخْرَ وَمَا مِنْ نَبِيٍّ يَوْمَئِذٍ آدَمُ فَمَنْ سِوَاهُ إِلاَّ

تَحْتَ لِوَائِي وَأَنَا أَوَّلُ مَنْ تَنْشَقُّ عَنْهُ الأَرْضُ وَلاَ فَخْرَ". قَالَ أَبُو عِيسَى وَفِي الْحَدِيثِ قِصَّةٌ وَهَذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ. وَقَدْ رُوِيَ بِهَذَا الإِسْنَادِ عَنْ أَبِي نَضْرَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم"۔ "نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: میں تمام اولاد آدم کا سردار ہوں، لیکن مجھے اس پر فخر نہیں ہے"۔ (جامع الترمذی: کتاب المناقب عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، ج۱، رقم الحدیث ۳۶۱۵)

"أَخْبَرَنَا أَبُو نَصْرِ بْنُ قَتَادَةَ، حَدَّثَنَا أَبُو عَمْرٍو إِسْمَاعِيلُ بْنُ نُجَيْدٍ السُّلَمِيُّ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَوَّارٍ، حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مَنْصُورٍ، حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، حَدَّثَنَا شِبْلُ بْنُ عَبَّادٍ، عَنِ ابْنِ أَبِي نَجِيحٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: لَمَّا نَظَرَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى الْكَعْبَةِ، فَقَالَ: "مَرْحَبًا بِكِ مِنْ بَيْتٍ مَا أَعْظَمَكِ، وَأَعْظَمَ حُرْمَتَكِ، وَلَلْمُؤْمِنِ أَعْظَمُ عِنْدَ اللهِ حُرْمَةً مِنْكِ""۔ "حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے خانہ کعبہ کی طرف دیکھ کر فرمایا اللہ تعالیٰ کے نزدیک مومن کی حرمت و عظمت تجھ سے زیادہ ہے"۔ (شعب الإیمان للبیہقی: ج۵، ص۴۶۵، رقم الحدیث ۳۷۲۵)

"وَمَا ذَكَرَهُ بَعْضُهُمْ مِنَ الْإِجْمَاعِ عَلَى تَفْضِيلِ قَبْرٍ مِنَ الْقُبُورِ عَلَى الْمَسَاجِدِ كُلِّهَا. فَقَوْلٌ مُحْدَثٌ فِي الْإِسْلَامِ؛ لَمْ يُعْرَفْ عَنْ أَحَدٍ مِنَ السَّلَفِ وَلَكِنْ ذَكَرَهُ بَعْضُ الْمُتَأَخِّرِينَ فَأَخَذَهُ عَنْهُ آخَرُ وَظَنَّهُ إجْمَاعًا؛ لِكَوْنِ أَجْسَادِ الْأَنْبِيَاءِ أَنْفُسِهَا أَفْضَلَ مِنَ الْمَسَاجِدِ. فَقَوْلُهُمْ يَعُمُّ الْمُؤْمِنِينَ كُلَّهُمْ فَأَبْدَانُهُمْ أَفْضَلُ مِنْ كُلِّ تُرَابٍ فِي الْأَرْضِ وَلَا يَلْزَمُ مَنْ كَوْنِ أَبْدَانِهِمْ أَفْضَلَ أَنْ تَكُونَ مَسَاكِنُهُمْ أَحْيَاءً وَأَمْوَاتًا أَفْضَلَ؛ بَلْ قَدْ عُلِمَ بِالِاضْطِرَارِ مِنْ دِينِهِمْ أَنَّ مَسَاجِدَهُمْ أَفْضَلُ مِنْ مَسَاكِنِهِمْ"۔ "بعض لوگوں نے جو قبروں کو مسجدوں پر فضیلت دینے پر جو اجماع نقل کیا ہے، یہ ایک ایسا قول ہے جو اسلام میں ایجاد کیا گیا ہے۔ یہ سلف صالحین میں سے کسی سے منقول نہیں ہے لیکن اس کو متاخرین نے ذکر کر دیا اور ان کے بعد والے اسے نقل کرتے گئے اور اس طرح اس کو انہوں نے اجماع گمان کر لیا۔ جو لوگ قبر کی مٹی افضل مانتے ہیں ان کی دلیل کے مطابق اگر انبیاءؑ کے جسم مسجدوں سے افضل ہیں تو پھر وہ جس جگہ موجود رہے ہوں وہ بھی افضل قرار پائے گی اور یہ ایک ایسا قول ہے جو مومنین وغیرہ سب کو شامل ہے کیونکہ بہر حال ہر مومن کا جسم خالی مٹی سے تو افضل ہے لیکن اس سے یہ بات لازم نہیں ہوتی کہ کسی کا اگر جسم افضل ہو تو اس کا مطلب یہ نہیں کہ وہ جس جگہ موجود ہو یا دنیا سے چلا گیا ہو وہ جگہ بھی افضل قرار پائے گی بلکہ ان کے مذہب کی کمزوری سے تو یہ نظر آتا ہے کہ مساجد ہی بہر حال افضل ہیں"۔ (مجموع الفتاوی: ج۲۷، ص۲۶۱)

الجواب: ابن تیمیہؒ کی یہ بات بالکل صحیح ہے کہ سلف صالحین سے اس اجماع کا کوئی ثبوت نہیں ملتا ہے لیکن متاخرین کی ایک بڑی جماعت نے اس اجماع کو نقل کیا ہے اور بعد والوں نے اسے قبول کرتے ہوئے اجماع ہی گمان کیا ہے۔ اگر بعد والوں نے اس اجماع کی مخالفت کی ہوتی تب تو ابن تیمیہؒ کا مؤقف بالکل صحیح ہوتا لیکن بعد آنے والوں میں سے ہر طبقہ کے علماء نے اس اجماع کی حمایت کی

ہے اوراس عقیدہ کو اپنی کتابوں میں نقل کرتے ہوئے اس کی مکمل تائید کی ہے، جو کہ اس عقیدہ کے برحق ہونے کی سب سے بڑی دلیل ہے۔ کیونکہ یہ پوری امت کسی بھی دور میں ایک سیکنڈ کے لئے بھی گمراہی پر جمع نہیں ہوسکتی۔

"حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، ثنا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ مَرْزُوقٍ مَوْلَى آلِ طَلْحَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: «لَنْ تَجْتَمِعَ أُمَّتِي عَلَى الضَّلَالَةِ أَبَدًا، فَعَلَيْكُمْ بِالْجَمَاعَةِ فَإِنَّ يَدَ اللهِ عَلَى الْجَمَاعَةِ»"۔ "میری امت کبھی گمراہی پر جمع نہیں ہوگی پس تمہارے لئے جماعت ہے کیونکہ اللہ کا ہاتھ جماعت پر ہے"۔ (المعجم الکبیر للطبرانی: ج ۱۲، ص ۴۴۷، رقم الحدیث ۱۳۶۲۳)

اس اجماع کی مثال بالکل اسی طرح ہے جیسے ابن صلاحؒ نے بخاری کی اصح الکتب بعد کتاب اللہ پر اجماع کا دعویٰ کیا ہے۔ یہی اشکال وہاں بھی تو کیا جاسکتا ہے لیکن وہاں دعویٰ قبول کیا جاتا ہے۔ ہوسکتا ہے ابن تیمیہؒ نے اپنے زمانے تک ممکن ہے یہ بات درست کہی ہو لیکن عجیب بات ہے کہ جمہور علماء نے خود ان کی موافقت نہیں کی حتیٰ کہ ان کے معاصر علامہ سبکیؒ نے بھی نہیں کی۔ جبکہ قاضی عیاضؒ کے اجماع کے دعویٰ کو علماء امت نے تواتر کے ساتھ قبول کیا ہے اور خود بھی اس اجماع کو اپنی کتابوں میں نقل کیا ہے۔ امام سبکی، امام خفاجی، امام حصکفی، امام سخاوی، ابو عبد اللہ علیش المالکی، ملا علی القاری، علامہ ابن عابدین، رحمت اللہ سندی مکی، ابن حجر ہیثمی، شمس رملی، مناوی رحمہم اللہ تعالیٰ اوران جیسے لوگوں کی ایک طویل فہرست ہے جنہوں نے یہی بات نقل کی ہے اور ان میں سے بعض نے خود اجماع کا دعویٰ بھی کیا ہے۔ ایسی صورت میں یہی ظاہر ہوتا ہے کہ ابن تیمیہؒ سے اس سلسلے میں اجتہادی خطا ہوئی ہے۔

تیسری، چوتھی اور پانچویں شقیں اجماع کی موجودگی میں کوئی حیثیت نہیں رکھتیں۔ زیادہ سے زیادہ یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ اگر کوئی اس عقیدہ پر اجماع کے وجود کے انکار کی وجہ سے یقین نہ رکھے تو وہ گمراہ نہیں ہوگا۔ لیکن یہ نتیجہ کیسے نکل آیا کہ جو یہ عقیدہ رکھے وہ گمراہ ہوجائے گا؟

اگرچند لمحوں کے لئے ابن تیمیہؒ کے مؤقف کو صحیح تسلیم کرلیا جائے تب بھی سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ ابن تیمیہؒ کے اس نظریہ سے کیا یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ جو یہ عقیدہ رکھے گا وہ گمراہ وبدعقیدہ ہوگا اور یہ عقیدہ اللہ تعالیٰ کی توہین (مکفر) ہے؟ اگر ایسا ہی ہے پھر تو ابن تیمیہؒ کو چاہیئے تھا کہ قاضی عیاضؒ اوران جیسے دیگر محدثین کو گمراہ وبدعقیدہ قرار دیتے۔ کیا ابن تیمیہؒ نے قاضی عیاضؒ اور دیگر ائمہ کرام کو گمراہ وبدعقیدہ قرار دیا؟ اگر نہیں تو کیا وجہ ہے کہ علماء دیوبند یہ عقیدہ رکھنے پر گمراہ وبدعقیدہ قرار پائیں گے؟ اسی کو میں نے یوں پوچھا تھا کہ یہ عقیدہ کیا ہے؟ کفر؟ فسق؟ یا ناجائز؟

سمیر بن خلیل المالکی کا اشکال:

"فإن قيل: إن التفضيل ليس للبقعة ذاتها، بل لمن حلَّ فيها، أما هي فكمثلها من البقاع"۔ "اگر یہ اعتراض کیا جائے کہ یہاں پر جو قبر کی جگہ ہے اس کو بذاتِ خود افضلیت حاصل نہیں ہے بلکہ اس وجہ سے حاصل ہے جو خود اس جگہ میں موجود ہیں اور یہی حال ان تمام جگہوں کا ہے جو اس کے مشابہ ہیں"۔

"فالجواب: هذا باطل أيضاً، فإن تفضيل الأزمنة والأمكنة والأشخاص لا يخضع لقياس، بل هو أمر توقيفي، فالله تعالى فضل بعضها على بعض، ففضل رمضان على سائر الشهور، وفضل الجمعة ويوم عرفة على سائر الأيام، وفضل المساجد الثلاثة على سائر البقاع، ومنها بيوت الأنبياء ومساكنهم التي يأوون إليها۔ وقد كان النبي صلى الله عليه وسلم يتحنث في غار حراء، ولم يصيره ذلك أفضل من الكعبة ولا المساجد، لا في وقت تحنثه فيه ولا بعد ذلك۔ ويلزم من تفضيل القبر على الكرسي والعرش، تفضيل المخلوق على الخالق، فإن الأول إن كان قد ضمن جسد المصطفى، فالعرش الرحمن عليه استوى، وصح عن ابن عباس رضي الله عنهما أن الكرسي موضع القدمين"۔ "الجواب: کسی زمانہ کو کسی مکان کو اور شخص کو فضیلت بخشنا اس میں قیاس کا دخل نہیں ہے بلکہ یہ ایک توقیفی معاملہ ہے جو اللہ تعالیٰ ہی کے سپرد ہے اور اللہ تعالیٰ جس چیز کو جب چاہے فضیلت دے اور جس چیز کو چاہے نہ دے اس میں قیاس کا دخل نہیں ہے۔ چنانچہ فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے بعض کو بعض پر فضیلت دی، رمضان کو تمام مہینوں پر فضیلت دی، جمعہ اور یوم عرفہ کو بقیہ ایّام پر فضیلت دی، اسی طرح تین مسجدوں کا زمین کے تمام خطوں پر فضیلت دی اور زمین کے تمام خطوں میں انبیاءؑ کے گھر بھی شامل ہیں اور ان کی قیام گاہیں سب شامل ہو گئیں جہاں پر وہ موجود ہیں۔ نبی کریم ﷺ تو غار حراء میں بھی عبادت کیا کرتے تھے لیکن غار حراء تو کعبہ سے افضل نہیں ہے اور نہ ہی کسی دوسری مسجد سے اور نہ ہی وہ وقت افضل ہو گا جس میں آپ ﷺ غار حراء میں جا کر عبادت کیا کرتے تھے اور نہ ہی اس کے بعد والا وقت۔ اگر قبر کو کرسی پر اور عرش پر فضیلت دی جائے تو پھر اس صورت میں تو مخلوق کو خالق پر فضیلت دینا لازم آتا ہے۔ کیونکہ اگر نبی کریم ﷺ کی قبر کی مٹی آپ ﷺ کے جسد اطہر سے مس ہے تو اللہ تعالیٰ اپنے عرش پر مستوی ہے اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے ثابت ہے کہ کرسی اللہ تعالیٰ کے دو قدموں کی جگہ ہے"۔ (الرد علی من فضل قبر النبی علی عرش الرحمن)

شیخ سمیر بن خلیل المالکی کے اشکال کا جواب ابن عقیل حنبلیؒ اور ابن القیم حنبلیؒ نے نہایت خوبصورتی سے دیا ہے: "قال ابن عقيل: سألني سائل أيما أفضل حجرة النبي أم الكعبة؟ فقلت: إن أردت مجرد الحجرة فالكعبة أفضل، وإن أردت وهو فيها فلا والله ولا العرش وحملته ولا جنه عدن ولا الأفلاك الدائرة لأن بالحجرة جسدا لو وزن بالكونين لرجح"۔ "ابن عقیل حنبلی نے کہا کہ سائل نے پوچھا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا حجرہ افضل ہے یا کعبہ؟ جواب دیا اگر تمہارا ارادہ خالی حجرہ ہے تو تو پھر کعبہ افضل ہے اور اگر تمہاری مراد وہ ہے جو اس میں ہے [یعنی روضۃ الرسول صلی اللہ علیہ وسلم جہاں پر مدفون ہیں] تو پھر اللہ کی قسم نہ عرش افضل ہے نہ اس کے تھامنے والے فرشتے نہ جنت عدن اور نہ ہی پوری دنیا۔ اگر حجرے کا وزن جسد کے ساتھ کیا جائے تو وہ تمام کائنات اور جو کچھ اس میں ہے اس سے بھی افضل ہو گا"۔ (بدائع الفوائد: ج۳، ص۶۵۵)

اس عبارت سے یہ بات صراحت سے ثابت ہے کہ اگر خالی حجرہ کی بات کی جائے تو پھر کعبہ افضل ہے لیکن اگر جسدِ اطہر کے ساتھ بات کی جائے تو پھر قبر کی مٹی افضل ہے، کیونکہ نبی کریم ﷺ کونین سے افضل ہیں۔ جن حضرات نے اس موضوع پر لکھا ہے

انہوں نے بھی نبی کریم ﷺ کی فضیلت کی بات کی ہے نہ کہ صرف قبر مبارک کی۔ حالانکہ ان علماء کی مراد صرف مٹی کا مس ہونا ہرگز نہیں ہے بلکہ قبر کا وہ حصہ بمعہ جسدِ اطہر مراد ہے۔ اسی لئے امام سخاویؒ نے آخر میں اس بات کی وضاحت فرمادی کہ انبیاءؑ کی جگہیں اور ارواح زمین و آسمان سے افضل ہیں۔ ابن عقیلؒ اور امام بہوتی حنبلیؒ نے حجرہ اور کعبہ میں تقابل کیا ہے اور یہ تقابل انہوں نے وزناً کیا ہے۔

یہی بات ابن عقیلؒ نے بھی کی ہے۔ سوال یہ ہے کہ یہ تو ہر ذی شعور جانتا ہے کہ نبی اکرم ﷺ افضل المخلوقات ہیں اور کعبہ کے مقابلے میں آپ زیادہ افضل ہیں۔ آپ کے صرف جسدِ اطہر کو وزن کیا جائے تو کعبہ سے افضل ہو گا۔ تو جسدِ اطہر سمیت حجرہ کا افضل ہونا تو ظاہر سی بات ہے۔ تو جب یہ ایک عام بات ہے تو اسے ذکر کرنے کی کیا ضرورت تھی۔

غور کیا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ ابن عقیلؒ اور امام بہوتیؒ نے بھی تمام علماء کی طرح تقابل حجرہ اور کعبہ میں ہی کیا ہے اور نبی ﷺ کی موجودگی کا ذکر کر کے آپ سے حجرہ کا تعلق ذکر کیا ہے۔ یعنی اگر نبی ﷺ کو ہٹا دیا جائے تو کعبہ افضل ہے اور اگر نبی ﷺ موجود ہوں تو حجرہ افضل ہے۔ کیوں افضل ہے؟ آپ کے اس میں حلول یا وجود کی وجہ سے۔ اسی بات کو دیگر علماء نے یوں کہا ہے: وہ قبر افضل ہے جو ملی ہوئی ہے آپ کے اعضاء سے۔ یہاں بھی آپ سمیت فضیلت نہیں دی جا رہی بلکہ آپ کی موجودگی میں فضیلت دی جا رہی ہے۔ فرق دونوں میں باریک سا ہے۔ اور اگر بالفرض کوئی بضد ہی ہو کہ نہیں ابن عقیلؒ نے نبی ﷺ سمیت وزن کی ہی بات کی ہے تو پھر میں یہ کہوں گا کہ ابن عقیلؒ نے بات کی بھی مکمل حجرہ کی ہے اور ہماری بات قبر، بقعہ، تراب کے بارے میں چل رہی ہے اور دونوں میں عموم و خصوص مطلق کی نسبت ہے۔ لہٰذا موضوع مختلف ہونے سے اس بات کو زیادہ سے زیادہ باہر نکالا جا سکتا ہے اور کچھ نہیں۔ اصل بات وہی ہے جو میں نے پہلے کہی تھی اور یہی بات "المھند علی المفند" میں لکھی ہے جس کو مفتی طارق مسعود صاحب نے بیان فرمایا تھا۔ اب انجنیئر صاحب جیسے چاہیں اس بات کو توڑ مروڑ کر پیش کریں لیکن آپ ان تمام ائمہ دین کو ایک ہی صف میں کھڑا پائیں گے۔